تمہاری چالوں کو لکھ رہے ہیں۔ وہی ہے کہ تمہیں خشکی اور سمندر میں پھراتا ہے یہاں تک کہ جب تم کشتیوں

حَتّٰۤى اِذَا كُنْتُمْ فِی الْفُلْكِ ۚ وَجَرَيْنَ بِهِمْ بِرِيْحٍ طَيِّبَةٍ وَّفَرِحُوْا

حَتّٰۤى	اِذَا	كُنْتُمْ	فِی الْفُلْكِ	وَ	جَرَيْنَ	بِهِمْ	بِرِيْحٍ	طَيِّبَةٍ	وَ	فَرِحُوْا
یہاں تک	جب	ہوتے ہو تم	کشتی میں	اور	وہ چلتی ہیں	ان کو لے کر	ساتھ ہوا کے	نرم	اور	خوش ہوئے وہ

میں ہوتے ہو اور وہ لوگوں کو خوشگوار ہوا کے ساتھ لئے پھرتی ہیں اور وہ اس پر خوش ہوتے ہیں

بِهَا جَآءَتْهَا رِيْحٌ عَاصِفٌ وَّجَآءَهُمُ الْمَوْجُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ

بِهَا	جَآءَتْهَا	رِيْحٌ	عَاصِفٌ	وَّ	جَآءَهُمُ	الْمَوْجُ	مِنْ كُلِّ	مَكَانٍ
اس سے	کہ آئی ان کے پاس	ہوا	تند وتیز	اور	آئی ان کے پاس	موج	ہر ایک	جگہ سے

کہ انہیں تند ہوا آ لیتی ہے اور لوگوں پر ہر جگہ سے لہریں آ پہنچتی ہیں اور وہ سمجھتے ہیں کہ

وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ اُحِيْطَ بِهِمْ ۙ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۚ لَئِنْ

وَ	ظَنُّوْٓا	اَنَّهُمْ	اُحِيْطَ	بِهِمْ	دَعَوُا	اللّٰهَ	مُخْلِصِيْنَ	لَهُ الدِّيْنَ	لَئِنْ
اور	خیال کیا انہوں نے	کہ بیشک انکو	گھیرا گیا ہے	ساتھ اسکے	تو پکارتے ہیں	اللہ کو	خالص کرنیوالے	اسکے لیے دین	اگر

وہ گھر گئے ہیں وہ اللہ کی بندگی کو اس کیلئے خالص کر کے پکارتے ہیں

اَنْجَيْتَنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۲۲﴾ فَلَمَّآ اَنْجٰهُمْ اِذَا

اَنْجَيْتَنَا	مِنْ هٰذِهٖ	لَنَكُوْنَنَّ	مِنَ الشّٰكِرِيْنَ	فَلَمَّآ	اَنْجٰهُمْ	اِذَا
نجات دے ہم کو	اس سے	تو ہوں گے ہم	شکر گزاروں میں سے	پھر جب	نجات دی ان کو	جبھی

"اگر تو نے ہمیں اس سے بچا لیا تو ہم ضرور شکر گزاروں میں ہوں گے"۔ پھر اللہ نے جب انہیں بچا لیا تو فوراً

هُمْ يَبْغُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۭ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا بَغْيُكُمْ

هُمْ	يَبْغُوْنَ	فِي الْاَرْضِ	بِغَيْرِ الْحَقِّ	يٰٓاَيُّهَا	النَّاسُ	اِنَّمَا	بَغْيُكُمْ
وہ	سرکشی کرتے ہیں	زمین میں	ناحق کے	اے	لوگو	سوائے اسکے نہیں کہ	تمہاری سرکشی

وہ زمین میں ناحق زیادتی کرنے لگتے ہیں اے لوگو! تمہاری زیادتی تمہاری ہی جانوں پر (نقصان) ہے

عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ ۙ مَّتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۡ ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُكُمْ فَنُنَبِّئُكُمْ

عَلٰٓى	اَنْفُسِكُمْ	مَّتَاعَ	الْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا	ثُمَّ	اِلَيْنَا	مَرْجِعُكُمْ	فَنُنَبِّئُكُمْ
اوپر	تمہاری جانوں کے ہے	سامان ہے	زندگی کا	دنیا کی	پھر	ہماری طرف ہے	تمہارا لوٹنا	پھر بتا دینگے ہم کو

دنیا کی زندگی کا کچھ فائدہ اٹھا لو پھر ہماری طرف تمہارا لوٹنا ہے اس وقت

بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۳﴾ اِنَّمَا مَثَلُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ

بِمَا	كُنْتُمْ	تَعْمَلُوْنَ	اِنَّمَا	مَثَلُ	الْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا	كَمَآءٍ	اَنْزَلْنٰهُ
جو کچھ	تم	کیا کرتے تھے	سوائے اسکے نہیں کہ	کہاوت	زندگی	دنیا کی	پانی کی طرح ہے	اتارا ہم نے اس کو

ہم تمہیں بتائیں گے جو کچھ تم کرتے تھے۔ اس کے سوا کچھ نہیں کہ حیات دنیا کی مثال اس پانی کی طرح ہے جسے ہم نے آسمان

مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ مِمَّا يَاْكُلُ النَّاسُ وَالْاَنْعَامُ ؕ

مِنَ السَّمَآءِ	فَاخْتَلَطَ	بِهٖ	نَبَاتُ	الْاَرْضِ	مِمَّا	يَاْكُلُ	النَّاسُ	وَالْاَنْعَامُ
آسمان سے	پھر مل گئی	اسکے ساتھ	سبزی	زمین کی	اس سے جو	کھاتے ہیں	لوگ	اور چوپائے

سے اتارا تو اس کی وجہ سے زمین کی پیداوار خوب گھنی نکلی جس سے آدمی اور چوپائے کھاتے ہیں

حَتّٰۤى اِذَآ اَخَذَتِ الْاَرْضُ زُخْرُفَهَا وَازَّيَّنَتْ وَظَنَّ اَهْلُهَآ اَنَّهُمْ

حَتّٰۤى	اِذَآ	اَخَذَتِ	الْاَرْضُ	زُخْرُفَهَا	وَازَّيَّنَتْ	وَ	ظَنَّ	اَهْلُهَآ	اَنَّهُمْ
یہاں تک کہ	جب	لے لی	زمین نے	اپنی رونق	اور خوبصورت ہوگئی	اور	خیال کیا	اسکے مالکوں نے	کہ وہ

یہاں تک کہ جب زمین نے اپنا حسن لے لیا اور وہ آراستہ ہوگئی اور اس کے مالکوں نے سمجھا کہ ہم نے

قٰدِرُوْنَ عَلَيْهَآ ۙ اَتٰىهَآ اَمْرُنَا لَيْلًا اَوْ نَهَارًا فَجَعَلْنٰهَا حَصِيْدًا

قٰدِرُوْنَ	عَلَيْهَآ	اَتٰىهَآ	اَمْرُنَا	لَيْلًا	اَوْ نَهَارًا	فَجَعَلْنٰهَا	حَصِيْدًا
قادر ہیں	اس پر	آیا اس کے پاس	ہمارا حکم	رات میں	یا دن میں	پھر بنایا ہم نے اس کو	کٹا ہوا

اس پر قدرت پالی تو رات یا دن کے وقت اس پر اچانک ہمارا حکم (عذاب) آ پڑا تو ہم نے اسے کٹا ہوا (ڈھیر)

كَاَنْ لَّمْ تَغْنَ بِالْاَمْسِ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ

كَاَنْ	لَّمْ تَغْنَ	بِالْاَمْسِ	كَذٰلِكَ	نُفَصِّلُ	الْاٰيٰتِ	لِقَوْمٍ
گویا کہ	نہیں آباد تھی	کل	اسی طرح	کھول کر بیان کرتے ہیں ہم	آیتیں	واسطے اس قوم کے جو

بنا دیا گویا کل یہاں کچھ تھا ہی نہیں فکر کرنے والوں کے لیے ہم اسی طرح آیتیں کھول

يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلٰى دَارِ السَّلٰمِ ۭ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ

يَتَفَكَّرُوْنَ	وَ	اللّٰهُ	يَدْعُوْٓا	اِلٰى	دَارِ السَّلٰمِ	وَ	يَهْدِيْ	مَنْ	يَّشَاۗءُ
سوچتے ہیں	اور	اللہ	بلاتا ہے	طرف	سلامتی کے گھر کی	اور	ہدایت دیتا ہے	جسے	چاہے

کھول کر بیان کرتے ہیں۔ اور اللہ سلامتی کے گھر کی طرف پکارتا ہے اور جسے چاہے

اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۲۵﴾ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ ۭ

اِلٰى	صِرَاطٍ	مُّسْتَقِيْمٍ	لِلَّذِيْنَ	اَحْسَنُوا	الْحُسْنٰى	وَ	زِيَادَةٌ
طرف	راہ	سیدھی کی	واسطے ان کے جنہوں نے	نیکی کی	بھلائی ہے	اور	زیادہ بھی

سیدھی راہ چلاتا ہے۔ جن لوگوں نے نیک رویہ رکھا ان کی بھلائی ہے

وَلَا يَرْهَقُ وُجُوْهَهُمْ قَتَرٌ وَّلَا ذِلَّةٌ ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ

وَ	لَا	يَرْهَقُ	وُجُوْهَهُمْ	قَتَرٌ	وَ	لَا	ذِلَّةٌ	اُولٰۗىِٕكَ	اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ	هُمْ
اور	نہ	ڈھانپے گی	انکے چہروں کو	سیاہی	اور	نہ	ذلت	یہ لوگ	جنت والے ہیں	وہ

اور اس سے بھی زائد اور ان کے چہروں پر نہ سیاہی چھائے اور نہ ذلت یہی لوگ جنت والے ہیں وہ

فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَالَّذِيْنَ كَسَبُوا السَّيِّاٰتِ جَزَاۗءُ سَيِّئَةٍۢ

فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ	وَ	الَّذِيْنَ	كَسَبُوا	السَّيِّاٰتِ	جَزَاۗءُ	سَيِّئَةٍ
اس میں	ہمیشہ رہنے والے ہیں	اور	وہ جنہوں نے	کمائی	برائیاں	بدلہ	برائی کا

اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ اور جو لوگ برائیاں کماتے ہیں تو برائی کا بدلہ اسی کی

بِمِثْلِهَا ۙ وَتَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ۭ مَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ ۚ كَاَنَّمَآ

بِمِثْلِهَا	وَ	تَرْهَقُهُمْ	ذِلَّةٌ	مَا	لَهُمْ	مِّنَ اللّٰهِ	مِنْ عَاصِمٍ	كَاَنَّمَآ
اسی کی مثل ہے	اور	ڈھانپے گی ان کو	ذلت	نہیں	واسطے ان کے	اللہ سے	کوئی بچانے والا	گویا کہ

مانند ہو گا اور ان پر ذلت چھا جائے گی انہیں اللہ سے بچانے والا کوئی نہ ہو گا وہ یوں

أُغْشِيَتْ وُجُوهُهُمْ قِطَعًا مِّنَ الَّيْلِ مُظْلِمًا ۚ أُولٰٓئِكَ أَصْحٰبُ

أُغْشِيَتْ	وُجُوهُهُمْ	قِطَعًا	مِّنَ الَّيْلِ	مُظْلِمًا	أُولٰٓئِكَ	أَصْحٰبُ
ڈھانپے گئے ہیں	ان کے چہرے	ایک ٹکڑے	رات کے	اندھیری سے	یہ لوگ ہیں	ساتھی

ہوں گے گویا ان کے چہروں پر رات کے سیاہ ٹکڑے ڈال دیئے گئے ہیں وہ

النَّارِ ۚ هُمْ فِيهَا خٰلِدُونَ ﴿٢٧﴾ وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا ثُمَّ نَقُولُ

النَّارِ	هُمْ	فِيهَا	خٰلِدُونَ	وَ	يَوْمَ	نَحْشُرُهُمْ	جَمِيعًا	ثُمَّ	نَقُولُ
آگ کے	وہ	اس میں	ہمیشہ رہنے والے ہیں	اور	جس دن	اکٹھا کریں گے ہم ان کو	سب کو	پھر	فرمائینگے ہم

آگ والے لوگ ہیں جو وہاں ہمیشہ رہیں گے۔ اور جس دن ہم ان سب کو اکٹھا کریں گے پھر ان لوگوں سے

لِلَّذِينَ أَشْرَكُوا مَكَانَكُمْ أَنْتُمْ وَشُرَكَآؤُكُمْ ۚ فَزَيَّلْنَا بَيْنَهُمْ وَقَالَ

لِلَّذِينَ	أَشْرَكُوا	مَكَانَكُمْ	أَنْتُمْ	وَ	شُرَكَآؤُكُمْ	فَزَيَّلْنَا	بَيْنَهُمْ	وَ	قَالَ
ان کو جنہوں نے	شرک کیا	ٹھہرو اپنی جگہ پر	تم	اور	تمہارے شریک	پھر الگ کرینگے ہم	ان کو	اور	کہیں گے

جو اللہ کے شریک بناتے ہیں کہیں گے ٹھہرو اپنی اپنی جگہ تم اور تمہارے بنائے ہوئے شریک پھر ہم ان کے درمیان پھوٹ ڈال دیں

شُرَكَآؤُهُمْ مَّا كُنْتُمْ إِيَّانَا تَعْبُدُونَ ﴿٢٨﴾ فَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيدًا بَيْنَنَا

شُرَكَآؤُهُمْ	مَّا	كُنْتُمْ	إِيَّانَا	تَعْبُدُونَ	فَكَفٰى	بِاللّٰهِ	شَهِيدًا	بَيْنَنَا
ان کے شریک	نہیں	تھے تم	خاص ہماری ہی	عبادت کرتے	پھر کافی ہے	اللہ	گواہ	ہمارے

گے اور ان کے شریک کہیں گے ہماری عبادت تو تم نہیں کیا کرتے تھے۔ بس ہمارے اور تمہارے درمیان اللہ ہی کافی گواہ ہے

وَبَيْنَكُمْ إِنْ كُنَّا عَنْ عِبَادَتِكُمْ لَغٰفِلِينَ ﴿٢٩﴾ هُنَالِكَ تَبْلُوا كُلُّ نَفْسٍ

وَ	بَيْنَكُمْ	إِنْ كُنَّا	عَنْ عِبَادَتِكُمْ	لَغٰفِلِينَ	هُنَالِكَ	تَبْلُوا	كُلُّ	نَفْسٍ
اور	تمہارے درمیان	بیشک تھے ہم	تمہاری پوجا سے	یقیناً بے خبر	اس جگہ	جان لے گا	ہر ایک	آدمی

کہ بے شک ہم تمہاری عبادت سے یقیناً بے خبر تھے۔ وہاں ہر شخص جانچ لے گا جو کچھ اس نے پہلے کیا تھا

مَآ اَسۡلَفَتۡ وَرُدُّوۡۤا اِلَى اللّٰهِ مَوۡلٰهُمُ الۡحَـقِّ وَضَلَّ عَنۡهُمۡ مَّا

مَّا	عَنۡهُمۡ	ضَلَّ	وَ	الۡحَـقِّ	مَوۡلٰهُمُ	اِلَى اللّٰهِ	رُدُّوۡۤا	وَ	اَسۡلَفَتۡ	مَآ
جو	ان سے	بھول جائے گا	اور	سچا	جو ان کا مولیٰ ہے	اللہ کی طرف	پھیرے جائینگے	اور	آگے بھیجا اس نے	جو کچھ

اور وہ اللہ کی طرف لوٹائے جائیں گے جو ان کا سچا مالک ہے اور گم ہو جائے گا ان سے وہ سب کچھ جو

كَانُوۡا يَفۡتَرُوۡنَ ﴿۳۰﴾ قُلۡ مَنۡ يَّرۡزُقُكُمۡ مِّنَ السَّمَآءِ وَالۡاَرۡضِ اَمَّنۡ

اَمَّنۡ	وَالۡاَرۡضِ	مِّنَ السَّمَآءِ	يَّرۡزُقُكُمۡ	مَنۡ	قُلۡ	يَفۡتَرُوۡنَ	كَانُوۡا
یا کون	اور زمین سے	آسمان	رزق دیتا ہے تمہیں	کون	فرمایئے	جھوٹ باندھتے	تھے وہ

وہ بہتان باندھتے تھے۔ فرما دیجئے تمہیں کون روزی دیتا ہے آسمان اور زمین سے یا کون

يَّمۡلِكُ السَّمۡعَ وَالۡاَبۡصَارَ وَمَنۡ يُّخۡرِجُ الۡحَىَّ مِنَ الۡمَيِّتِ وَيُخۡرِجُ

يُخۡرِجُ	وَ	مِنَ الۡمَيِّتِ	الۡحَىَّ	يُّخۡرِجُ	مَنۡ	وَ	الۡاَبۡصَارَ	وَ	السَّمۡعَ	يَّمۡلِكُ
نکالتا ہے	اور	مردہ سے	زندہ کو	نکالتا ہے	کون	اور	آنکھوں کا	اور	کانوں کا	مالک ہے

مالک ہے کان اور آنکھوں کا کون نکالتا ہے زندہ کو مردہ سے اور نکالتا ہے

الۡمَيِّتَ مِنَ الۡحَـىِّ وَمَنۡ يُّدَبِّرُ الۡاَمۡرَ‌ ؕ فَسَيَقُوۡلُوۡنَ اللّٰهُ‌ ۚ فَقُلۡ

فَقُلۡ	اللّٰهُ	فَسَيَقُوۡلُوۡنَ	الۡاَمۡرَ	يُّدَبِّرُ	مَنۡ	وَ	مِنَ الۡحَـىِّ	الۡمَيِّتَ
پھر فرما دیجئے	اللہ	تو کہیں گے	کام کی	تدبیر کرتا ہے	کون	اور	زندہ سے	مردہ کو

مردہ کو زندہ سے اور کون تمام کاموں کی تدبیر کرتا ہے۔ تو تب کہیں گے کہ اللہ تو فرما دو تو کیوں نہیں

اَفَلَا تَتَّقُوۡنَ ﴿۳۱﴾ فَذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمُ الۡحَـقُّ‌ ۚ فَمَاذَا بَعۡدَ الۡحَـقِّ اِلَّا

اِلَّا	الۡحَـقِّ	بَعۡدَ	فَمَاذَا	الۡحَـقُّ	رَبُّكُمُ	اللّٰهُ	فَذٰلِكُمُ	اَفَلَا تَتَّقُوۡنَ
مگر	حق کے	بعد	پھر نہیں ہے	سچا	تمہارا رب	اللہ	پھر یہ ہے	تم کیوں نہیں ڈرتے

(اللہ سے) ڈرتے۔ تو یہ اللہ ہے تمہارا سچا رب پھر حق کے بعد کیا ہے مگر

الضَّلٰلُ ۚ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ﴿۳۲﴾ كَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ

الضَّلٰلُ	فَاَنّٰى	تُصْرَفُوْنَ	كَذٰلِكَ	حَقَّتْ	كَلِمَتُ	رَبِّكَ
گمراہی	پھر کہاں	پھیرے جاتے ہو	اسی طرح	حق ہوگئی	بات	آپ کے رب کی

گمراہی پھر کہاں پھرے جاتے ہو۔ اس طرح آپ کے رب کی بات نافرمانوں کے بارے میں سچ ہوگئی ہے

عَلَى الَّذِيْنَ فَسَقُوْٓا اَنَّهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۳﴾ قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ

عَلَى الَّذِيْنَ فَسَقُوْٓا	اَنَّهُمْ	لَا	يُؤْمِنُوْنَ	قُلْ	هَلْ	مِنْ شُرَكَآئِكُمْ	مَّنْ
فاسقوں پر	بیشک وہ	نہیں	ایمان لائینگے	فرمادو	کیا	تمہارے شریکوں میں سے	کوئی ہے جو

کہ وہ ایمان نہیں لائیں گے۔ فرما دیجیے کیا تمہارے بنائے ہوئے شریکوں میں کوئی ہے

يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ؕ قُلِ اللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ فَاَنّٰى

يَّبْدَؤُا	الْخَلْقَ	ثُمَّ	يُعِيْدُهٗ	قُلِ	اللّٰهُ	يَبْدَؤُا	الْخَلْقَ	ثُمَّ	يُعِيْدُهٗ	فَاَنّٰى
پہلی بار بنائے	مخلوق	پھر	لوٹائے اس کو	فرماؤ	اللہ	پہلی بار بناتا ہے	مخلوق	پھر	لوٹائے گا اس کو	پھر کہاں

جو پیدائش کو شروع کرتا ہے پھر اسے دہراتا ہے؟ فرما دیجیے اللہ ہی پیدائش کو شروع کرتا ہے پھر اسے دہرائے گا پھر تم

تُؤْفَكُوْنَ ﴿۳۴﴾ قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ ؕ قُلِ

تُؤْفَكُوْنَ	قُلْ	هَلْ	مِنْ	شُرَكَآئِكُمْ	مَّنْ يَّهْدِيْٓ	اِلَى	الْحَقِّ	قُلِ
پھیرے جاتے ہو	فرماؤ	کیا	کوئی ہے	تمہارے شریکوں سے	جو راہ نمائی کرے	طرف	حق کی	فرماؤ

کدھر الٹے جا رہے ہو؟۔ آپ فرمائیے کیا تمہارے معبودوں میں سے کوئی ہے جو حق کی طرف رہنمائی کر سکتا ہو؟ فرما دیجیے

اللّٰهُ يَهْدِيْ لِلْحَقِّ ؕ اَفَمَنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ اَحَقُّ اَنْ يُّتَّبَعَ

اللّٰهُ	يَهْدِيْ	لِلْحَقِّ	اَفَمَنْ	يَّهْدِيْٓ	اِلَى الْحَقِّ	اَحَقُّ	اَنْ	يُّتَّبَعَ
اللہ	راہنمائی کرتا ہے	حق کی	کیا پھر جو کوئی	راہنمائی کرے	حق کی	زیادہ حق دار ہے	یہ کہ	پیروی کیا جائے

اللہ ہی حق کی طرف رہنمائی فرماتا ہے تو کیا جو حق کی طرف رہنمائی کرے وہ عبادت کے زیادہ لائق ہے

اَمَّنْ لَّا یَهِدِّیْٓ اِلَّآ اَنْ یُّهْدٰی ۚ فَمَا لَكُمْ ۟ قف كَیْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿۳۵﴾

اَمَّنْ	لَّا	یَهِدِّیْٓ	اِلَّآ	اَنْ	یُّهْدٰی	فَمَا لَكُمْ	كَیْفَ	تَحْكُمُوْنَ
یا وہ جو	نہیں	راہ پا سکتا	مگر	یہ کہ	راہ دکھایا جائے	پھر کیا ہے تم کو	کیسے	فیصلے کرتے ہو

یا وہ جو خود ہی راہ نہ پا سکے مگر یہ کہ اس کی رہنمائی کی جائے؟ تو کیا ہوا تمہیں تم کیسا فیصلہ کرتے ہو؟

وَمَا یَتَّبِعُ اَكْثَرُهُمْ اِلَّا ظَنًّا ؕ اِنَّ الظَّنَّ لَا یُغْنِیْ مِنَ الْحَقِّ شَیْــًٔا ؕ

وَ	مَا	یَتَّبِعُ	اَكْثَرُهُمْ	اِلَّا	ظَنًّا	اِنَّ	الظَّنَّ	لَا	یُغْنِیْ	مِنَ الْحَقِّ	شَیْــًٔا
اور	نہیں	پیروی کرتے	اکثر ان کے	مگر	گمان کی	بیشک	گمان	نہیں	کام آتا	حق سے	کچھ بھی

اور ان کے اکثر لوگ صرف گمان کی پیروی کرتے ہیں بے شک گمان حق سے بے نیاز نہیں کر سکتا

اِنَّ اللّٰهَ عَلِیْمٌۢ بِمَا یَفْعَلُوْنَ ﴿۳۶﴾ وَمَا كَانَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ اَنْ یُّفْتَرٰی

اِنَّ	اللّٰهَ	عَلِیْمٌۢ	بِمَا	یَفْعَلُوْنَ	وَ	مَا	كَانَ	هٰذَا	الْقُرْاٰنُ	اَنْ	یُّفْتَرٰی
بیشک	اللہ	جاننے والا ہے	جو کچھ	وہ کرتے ہیں	اور	نہیں	ہے	یہ	قرآن	یہ کہ	بنایا جائے

یقیناً اللہ خوب جانتا ہے جو کچھ وہ کرتے ہیں۔ اور یہ قرآن ایسا نہیں کہ کوئی اپنی طرف سے اللہ تعالیٰ کے سوا بنا لے

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ تَصْدِیْقَ الَّذِیْ بَیْنَ یَدَیْهِ وَتَفْصِیْلَ

مِنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	وَ	لٰكِنْ	تَصْدِیْقَ	الَّذِیْ	بَیْنَ یَدَیْهِ	وَ	تَفْصِیْلَ
سوائے	اللہ کے	اور	لیکن	تصدیق ہے	اس کی	جو اس سے پہلے ہے	اور	تفصیل ہے

ہاں وہ اگلی کتابوں کی تصدیق ہے اور لوح میں جو کچھ لکھا ہے سب کی تفصیل ہے اس میں کچھ

الْكِتٰبِ لَا رَیْبَ فِیْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۳۷﴾ قف اَمْ یَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ

الْكِتٰبِ	لَا	رَیْبَ	فِیْهِ	مِنْ رَّبِّ	الْعٰلَمِیْنَ	اَمْ	یَقُوْلُوْنَ	افْتَرٰىهُ	قُلْ
کتاب کی	نہیں	شک	اس میں	کے رب	جہانوں سے ہے	کیا	وہ کہتے ہیں	کہ اس کو بنایا ہے	فرماؤ

شک نہیں یہ تمام جہانوں کے پالنے والے کی طرف سے ہے۔ یا یہ کہتے ہیں کہ انہوں نے اسے بنا لیا ہے فرما دیجئے

فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّثْلِهٖ وَادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ

فَاْتُوْا	بِسُوْرَةٍ	مِّثْلِهٖ	وَ	ادْعُوْا	مَنِ اسْتَطَعْتُمْ	مِّنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	اِنْ
پھر لاؤ	ایک سورة	اس جیسی	اور	بلاؤ	جس کو تم بلا سکتے ہو	سوائے	اللہ کے	اگر

تو اس جیسی ایک سورة لے آؤ اور اللہ کو چھوڑ کر جو مل سکیں سب کو بلاؤ

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۳۸﴾ بَلْ كَذَّبُوْا بِمَا لَمْ يُحِيْطُوْا بِعِلْمِهٖ وَلَمَّا يَاْتِهِمْ

كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	بَلْ	كَذَّبُوْا	بِمَا	لَمْ يُحِيْطُوْا	بِعِلْمِهٖ	وَ	لَمَّا	يَاْتِهِمْ
ہو تم	سچے	بلکہ	جھٹلایا انہوں نے	جس پر	قابو نہیں پایا	جس کے علم پر	اور	ابھی نہ	آئی اُن کے پاس

اگر تم سچے ہو۔ نہیں انہوں نے اس چیز کو جھٹلا دیا ہے جس کے علم پر وہ حاوی نہیں ہو سکے اور جس کا نتیجہ

تَاْوِيْلُهٗ ؕ كَذٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ

تَاْوِيْلُهٗ	كَذٰلِكَ	كَذَّبَ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	فَانْظُرْ	كَيْفَ	كَانَ
اس کی تاویل	اس طرح	جھٹلایا	ان لوگوں نے	جو ان سے پہلے تھے	پھر دیکھ	کیسا	ہوا

ابھی ان کے پاس نہیں آیا اسی طرح ان سے پہلے لوگوں نے بھی جھٹلایا پھر دیکھ لو کہ

عَاقِبَةُ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۳۹﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ لَّا يُؤْمِنُ

عَاقِبَةُ	الظّٰلِمِيْنَ	وَ	مِنْهُمْ	مَّنْ يُّؤْمِنُ	بِهٖ	وَ	مِنْهُمْ	مَّنْ	لَّا	يُؤْمِنُ
انجام	ظالموں کا	اور	بعض ان سے	ایمان لائے	اس پر	اور	بعض ان سے	وہ ہیں جو	نہیں	ایمان لاتے

ظالموں کا انجام کیسا ہوا۔ اور ان میں کچھ اس پر ایمان رکھتے ہیں اور کچھ اس پر ایمان نہیں رکھتے

بِهٖ ؕ وَرَبُّكَ اَعْلَمُ بِالْمُفْسِدِيْنَ ﴿۴۰﴾ ع وَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ لِّيْ عَمَلِيْ

بِهٖ	وَرَبُّكَ	اَعْلَمُ	بِالْمُفْسِدِيْنَ	وَاِنْ	كَذَّبُوْكَ	فَقُلْ	لِّيْ	عَمَلِيْ
اس پر	اور تمہارا رب	خوب جانتا ہے	فسادیوں کو	اور اگر	وہ آپ کو جھٹلائیں	تو فرمائیے	میرے لیے	میرے عمل

اور تمہارا رب فسادیوں کو خوب جانتا ہے۔ اور اگر وہ آپ کو جھٹلائیں تو آپ فرما دیجئے میرے لئے

وَلَكُمْ عَمَلُكُمْ ۚ اَنْتُمْ بَرِيْٓـُٔوْنَ مِمَّآ اَعْمَلُ وَاَنَا بَرِيْٓءٌ مِّمَّا

وَ	لَكُمْ	عَمَلُكُمْ	اَنْتُمْ	بَرِيْٓـُٔوْنَ	مِمَّآ	اَعْمَلُ	وَ	اَنَا	بَرِيْٓءٌ	مِّمَّا
اور	تمہارے لیے	تمہارے عمل	تم	بیزار ہو	اس سے جو	میں عمل کرتا ہوں	اور	میں	بیزار ہوں	اس سے جو

میرا عمل ہے اور تمہارے لئے تمہارا عمل تم بری الذمہ ہو اس سے جو میں کرتا ہوں اور میں بری الذمہ ہوں اس سے جو

تَعْمَلُوْنَ ﴿۴۱﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ ۭ اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ

تَعْمَلُوْنَ	وَمِنْهُمْ	مَّنْ	يَّسْتَمِعُوْنَ	اِلَيْكَ	اَفَاَنْتَ	تُسْمِعُ	الصُّمَّ
تم عمل کرتے ہو	اور بعض ان میں سے	وہ ہے جو	کان رکھتا ہے	تمہاری طرف	کیا پھر تم	سنا سکتے ہو	بہرے کو

تم کرتے ہو۔ اور ان میں سے بعض لوگ آپ کی طرف کان لگاتے ہیں تو کیا آپ بہروں کو سنا دیں گے

وَلَوْ كَانُوْا لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْظُرُ اِلَيْكَ ۭ اَفَاَنْتَ تَهْدِی

وَلَوْ كَانُوْا	لَا	يَعْقِلُوْنَ	وَ	مِنْهُمْ	مَّنْ	يَّنْظُرُ	اِلَيْكَ	اَفَاَنْتَ	تَهْدِی
اگرچہ ہوں وہ	نہ	سمجھ سکتے	اور	بعض ان سے	وہ ہے جو	دیکھتا ہے	تمہاری طرف	کیا پھر تم	راہ دکھاؤ گے

خواہ وہ کچھ بھی نہ سمجھتے ہوں۔ اور ان میں کوئی تمہاری طرف دیکھتے ہیں کیا تم اندھوں

الْعُمْیَ وَلَوْ كَانُوْا لَا يُبْصِرُوْنَ ﴿۴۳﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ النَّاسَ شَيْـًٔا

الْعُمْیَ	وَلَوْ كَانُوْا	لَا	يُبْصِرُوْنَ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَا	يَظْلِمُ	النَّاسَ	شَيْـًٔا
اندھے کو	اگرچہ ہوں وہ	نہ	دیکھ سکتے	بیشک	اللہ	نہیں	ظلم کرتا	لوگوں پر	کچھ بھی

کو راہ دکھا دو گے اگر چہ وہ کچھ نہ دیکھتے ہوں۔ بے شک اللہ لوگوں پر کچھ ظلم نہیں کرتا ہاں لوگ

وَّلٰكِنَّ النَّاسَ اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ كَاَنْ لَّمْ

وَ	لٰكِنَّ	النَّاسَ	اَنْفُسَهُمْ	يَظْلِمُوْنَ	وَ	يَوْمَ	يَحْشُرُهُمْ	كَاَنْ	لَّمْ
اور	لیکن	لوگ	اپنی جانوں پر	ظلم کرتے ہیں	اور	جس دن	ہم ان کو اکٹھا کرینگے	گویا کہ	وہ نہیں

خود ہی اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیں۔ اور جس دن وہ انہیں اکٹھا کرے گا

يَلْبَثُوٓا إِلَّا سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ يَتَعَارَفُونَ بَيْنَهُمْ ۚ قَدْ خَسِرَ

يَلْبَثُوٓا	إِلَّا	سَاعَةً	مِّنَ النَّهَارِ	يَتَعَارَفُونَ	بَيْنَهُمْ	قَدْ	خَسِرَ
ٹھہرے	مگر	ایک گھڑی	دن سے	پہچانتے ہونگے	آپس میں	بیشک	گھاٹا اٹھایا

تو انہیں یوں لگے گا کہ وہ دن کی صرف ایک گھڑی ٹھہرے تھے اور وہ ایک دوسرے کو پہچانتے ہوں گے بے شک

الَّذِينَ كَذَّبُوا بِلِقَآءِ اللَّهِ وَمَا كَانُوا مُهْتَدِينَ ﴿٤٥﴾ وَإِمَّا نُرِيَنَّكَ

الَّذِينَ	كَذَّبُوا	بِلِقَآءِ	اللَّهِ	وَ	مَا	كَانُوا	مُهْتَدِينَ	وَ	إِمَّا	نُرِيَنَّكَ
انہوں نے جنہوں نے	جھٹلایا	ملاقات کو	اللہ کی	اور	نہ	ہوئے وہ	ہدایت والے	اور	اگر	دکھائیں ہم تمہیں

وہ لوگ خسارے میں رہے جنہوں نے اللہ کی ملاقات کو جھٹلایا اور جو راہ ہدایت پر نہ تھے۔ اور اگر ہم آپ کو اس کا

بَعْضَ الَّذِي نَعِدُهُمْ أَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَإِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ اللَّهُ

بَعْضَ	الَّذِي	نَعِدُهُمْ	أَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ	فَإِلَيْنَا	مَرْجِعُهُمْ	ثُمَّ	اللَّهُ
بعض	اس عذاب کا	جو ہم ان کو وعدہ دیتے ہیں	یا ہم تجھے بلالیں	پھر ہماری طرف ہے	ان کا لوٹنا	پھر	اللہ

جس کا ہم ان سے وعدہ کر رہے ہیں ایک حصہ دکھا دیں یا ہم تمہیں اپنے پاس بلالیں تو ان کی واپسی ہماری طرف ہی ہوگی

شَهِيدٌ عَلَىٰ مَا يَفْعَلُونَ ﴿٤٦﴾ وَلِكُلِّ أُمَّةٍ رَّسُولٌ ۖ فَإِذَا جَآءَ

شَهِيدٌ	عَلَىٰ مَا	يَفْعَلُونَ	وَ	لِكُلِّ	أُمَّةٍ	رَّسُولٌ	فَإِذَا	جَآءَ
گواہ ہے	اس پر جو وہ	کرتے ہیں	اور	واسطے ہر ایک	امت کے	ایک رسول ہے	پھر جب	آئے گا

پھر اللہ اس کا گواہ ہوگا جو وہ کرتے ہیں۔ اور ہر اُمت کیلئے رسول ہے تو جب ان کا رسول آ جاتا ہے

رَسُولُهُمْ قُضِيَ بَيْنَهُم بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ﴿٤٧﴾ وَيَقُولُونَ

رَسُولُهُمْ	قُضِيَ	بَيْنَهُم	بِالْقِسْطِ	وَ	هُمْ	لَا	يُظْلَمُونَ	وَ	يَقُولُونَ
ان کا رسول	تو فیصلہ ہوجائیگا	انکے درمیان	انصاف سے	اور	وہ	نہیں	ظلم کیے جائینگے	اور	کہتے ہیں

تو ان کے درمیان انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا جاتا ہے اور ان پر ظلم نہیں کیا جاتا۔ اور وہ کہتے ہیں

مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴۸﴾ قُلْ لَّاۤ اَمْلِكُ لِنَفْسِىْ

مَتٰى	هٰذَا	الْوَعْدُ	اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	قُلْ	لَّاۤ	اَمْلِكُ	لِنَفْسِىْ
کب ہے	یہ	وعدہ	اگر	ہو تم	سچے	فرماؤ	نہیں	مالک میں	اپنی جان کا

کہ یہ وعدہ کب پورا ہو گا اگر تم سچے ہو۔ فرما دیجئے میں اپنی جان کے

ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ۭ لِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ۭ اِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ

ضَرًّا	وَّلَا	نَفْعًا	اِلَّا	مَا	شَآءَ	اللّٰهُ	لِكُلِّ	اُمَّةٍ	اَجَلٌ	اِذَا	جَآءَ	اَجَلُهُمْ
نقصان	اور نہ	نفع کا	مگر	جو	چاہے	اللہ	واسطے ہر ایک	امت کے	ایک مدت ہے	جب	آجاتی ہے	ان کی مدت

نقصان اور نفع کا (ذاتی) اختیار نہیں رکھتا مگر جو اللہ چاہے ہر امت کے لیے ایک وقت مقرر ہے

فَلَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۴۹﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ

فَلَا يَسْتَاْخِرُوْنَ	سَاعَةً	وَّ	لَا	يَسْتَقْدِمُوْنَ	قُلْ	اَرَءَيْتُمْ	اِنْ
تو نہیں پیچھے رہتے	ایک گھڑی	اور	نہ	آگے بڑھتے ہیں	فرما دیجئے	بھلا بتلاؤ	اگر

جب ان پر مقرر کیا ہوا وقت آئے گا تو ایک گھڑی نہ پیچھے ہٹیں نہ آگے بڑھیں۔ فرما دیجئے بھلا بتاؤ تو اگر

اَتٰىكُمْ عَذَابُهٗ بَيَاتًا اَوْ نَهَارًا مَّاذَا يَسْتَعْجِلُ مِنْهُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۵۰﴾

اَتٰىكُمْ	عَذَابُهٗ	بَيَاتًا	اَوْ	نَهَارًا	مَّاذَا	يَسْتَعْجِلُ	مِنْهُ	الْمُجْرِمُوْنَ
آئے تمہارے پاس	اس کا عذاب	رات کو	یا	دن کو	تو کیا	جلدی ہے	اس کی	مجرموں کو

اس کا عذاب تم پر رات کو آئے یا دن کو تو اس میں وہ کون سی چیز ہے کہ مجرموں کو جس کی جلدی ہے۔

اَثُمَّ اِذَا مَا وَقَعَ اٰمَنْتُمْ بِهٖ ۭ آٰلْئٰنَ وَقَدْ كُنْتُمْ بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۵۱﴾

اَثُمَّ	اِذَا	مَا وَقَعَ	اٰمَنْتُمْ	بِهٖ	آٰلْئٰنَ	وَقَدْ	كُنْتُمْ	بِهٖ	تَسْتَعْجِلُوْنَ
کیا پھر	جب	کہ واقع ہو جائیگا	ایمان لاؤ گے تم	اس کے ساتھ	کیا اب	اور بیشک	تھے تم	اس کی	جلدی کرتے

پھر کیا جب عذاب آ ہی جائیگا تو پھر تم اس پر ایمان لاؤ گے؟ اب؟ حالانکہ تم تو اسے جلدی مانگتے تھے۔

ثُمَّ قِيْلَ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ ۚ هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا

اِلَّا	تُجْزَوْنَ	هَلْ	الْخُلْدِ	عَذَابَ	ذُوْقُوْا	ظَلَمُوْا	لِلَّذِيْنَ	ثُمَّ قِيْلَ
مگر	بدلے دیئے جاؤ گے تم	نہیں	ہمیشہ کا	عذاب	چکھو	ظلم کیا	ان کو جنہوں نے	پھر کہا جائیگا

پھر ظالموں سے کہا جائے گا ہیشگی کے عذاب کا مزا چکھو کیا تم اپنی کمائی کے

بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَيَسْتَنْۢبِئُوْنَكَ اَحَقٌّ هُوَ ؕ قُلْ اِيْ وَرَبِّيْٓ

وَرَبِّيْٓ	اِيْ	قُلْ	هُوَ	اَحَقٌّ	وَيَسْتَنْۢبِئُوْنَكَ	كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ	بِمَا
میرے رب کی قسم	ہاں	فرمادیں	وہ	کیا حق ہے	اور پوچھتے ہیں تم سے	تم کمائی کرتے تھے	جو کچھ

سوا بھی کوئی بدلہ پا سکتے تھے؟ اور وہ آپ سے پوچھتے ہیں کیا واقعی وہ حق ہے؟ فرما دیجئے ہاں میرے رب کی قسم

وقف النبی

اِنَّهٗ لَحَقٌّ ؔ ۚ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۵۳﴾ وَلَوْ اَنَّ لِكُلِّ نَفْسٍ ظَلَمَتْ

ع۱۲ — وقف النبی

ظَلَمَتْ	نَفْسٍ	لِكُلِّ	اَنَّ	لَوْ	وَ	بِمُعْجِزِيْنَ	اَنْتُمْ	مَآ	وَ	لَحَقٌّ	اِنَّهٗ
جس نے ظلم کیا	جان کیلئے	ہو ہر ایک	بیشک	اگر	اور	عاجز کرنے والے	تم	نہیں	اور	حق ہے	بیشک وہ

یقیناً وہ ضرور حق ہے اور تم (میرے رب کو) عاجز کرنے والے نہیں۔ اور اگر ہر ظلم کرنے والے شخص کی ملکیت میں زمین کی ہر

مَا فِي الْاَرْضِ لَافْتَدَتْ بِهٖ ؕ وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ ۚ

الْعَذَابَ	رَاَوُا	لَمَّا	النَّدَامَةَ	اَسَرُّوا	وَ	بِهٖ	لَافْتَدَتْ	فِي الْاَرْضِ	مَا
عذاب	دیکھیں گے	جب کہ	ندامت کو	چھپائیں گے	اور	اسکے ساتھ	تو ضرور فدیہ دے	زمین میں ہے	جو کچھ

چیز ہوتی تو وہ ضرور اسے اپنی جان چھڑانے کے بدلہ میں دیتا اور جب وہ عذاب دیکھیں گے تو (اپنے دل میں) پشیمانی کو چھپا ئیں

وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۵۴﴾ اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَا

مَا	لِلّٰهِ	اِنَّ	اَلَآ	يُظْلَمُوْنَ	لَا	وَهُمْ	بِالْقِسْطِ	بَيْنَهُمْ	وَقُضِيَ
جو کچھ	اللہ ہی کا ہے	بیشک	سن لو	ظلم کیے جائینگے	نہ	اور وہ	انصاف سے	انکے درمیان	اور فیصلہ کیا جائیگا

گے اور ان کے درمیان انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا جائے گا اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔ سن لو بے شک اللہ

فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اَلَآ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ

فِي السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ	اَلَآ	اِنَّ	وَعْدَ	اللّٰهِ	حَقٌّ	وَ	لٰكِنَّ	اَكْثَرَهُمْ
آسمانوں میں	اور	زمین میں ہے	خبردار	بیشک	وعدہ	اللہ کا	سچا ہے	اور	لیکن	اکثر ان کے

ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہے سن لو بے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے مگر ان میں

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۵﴾ هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۵۶﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ

لَا	يَعْلَمُوْنَ	هُوَ	يُحْيٖ	وَ	يُمِيْتُ	وَ	اِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ	يٰۤاَيُّهَا	النَّاسُ
نہیں	جانتے	وہ	زندہ کرتا ہے	اور	مارتا ہے	اور	اسی کی طرف	لوٹائے جاؤ گے	اے	لوگو

اکثر کو خبر نہیں۔ وہ ہی زندگی دیتا ہے اور وہی موت دیتا ہے اور اسی کی طرف لوٹ کر جاؤ گے۔ اے لوگو! تمہارے

قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ

قَدْ	جَآءَتْكُمْ	مَّوْعِظَةٌ	مِّنْ رَّبِّكُمْ	وَ	شِفَآءٌ	لِّمَا	فِي الصُّدُوْرِ
بیشک	آئی تمہارے پاس	نصیحت	تمہارے رب کی طرف سے	اور	شفا	اس کیلئے جو	دلوں میں ہے

پاس تمہارے رب کی طرف سے نصیحت آئی ہے جو شفا ہے اس کے لیے جو دلوں میں ہے

وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۷﴾ قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ

وَ	هُدًى	وَّرَحْمَةٌ	لِّلْمُؤْمِنِيْنَ	قُلْ	بِفَضْلِ	اللّٰهِ	وَ	بِرَحْمَتِهٖ
اور	ہدایت	اور رحمت	واسطے مومنوں کے	فرماؤ	ساتھ فضل	اللہ کے	اور	اسکی رحمت کے

اور مومنوں کیلئے ہدایت اور رحمت ہے۔ فرما دیجئے اللہ ہی کے فضل (قرآن) اور اسکی رحمت (نبی رحمت ﷺ) سے (خوش ہو) تو (لوگوں کو)

فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ؕ هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿۵۸﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّآ

فَبِذٰلِكَ	فَلْيَفْرَحُوْا	هُوَ	خَيْرٌ	مِّمَّا	يَجْمَعُوْنَ	قُلْ	اَرَءَيْتُمْ	مَّآ
پھر اسکے ساتھ	وہ خوش ہوں	وہ	بہتر ہے	اس چیز سے	جو وہ جمع کرتے ہیں	کہہ	بھلا بتاؤ	جو

چاہیے کہ اسی (قرآن اور رسول رحمت ﷺ کے ملنے) پر خوش ہوں یہ اس (دنیاوی مال) سے بہتر ہے جس کو وہ جمع کر رہے ہیں۔ فرمائیے ذرا بتاؤ تو

أَنْزَلَ اللّٰهُ لَكُمْ مِّنْ رِّزْقٍ فَجَعَلْتُمْ مِّنْهُ حَرَامًا وَّحَلٰلًا ۭ قُلْ آٰللّٰهُ

اَنْزَلَ	اللّٰهُ	لَكُمْ	مِّنْ رِّزْقٍ	فَجَعَلْتُمْ	مِّنْهُ	حَرَامًا	وَّ	حَلٰلًا	قُلْ	آٰللّٰهُ
اتارا	اللہ نے	تمہارے لیے	رزق	پھر بنایا تم نے	اس سے	حرام	اور	حلال	فرماؤ	کیا اللہ نے

سہی اللہ نے تمہارے لئے جو رزق اُتارا تو کچھ تم نے اس میں سے حرام کر لیا اور کچھ حلال فرمایئے کیا تمہیں

أَذِنَ لَكُمْ أَمْ عَلَى اللّٰهِ تَفْتَرُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَمَا ظَنُّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ

اَذِنَ	لَكُمْ	اَمْ	عَلَى	اللّٰهِ	تَفْتَرُوْنَ	وَمَا	ظَنُّ	الَّذِيْنَ	يَفْتَرُوْنَ
اجازت دی ہے	تم کو	یا	اوپر	اللہ کے	جھوٹ باندھتے ہو	اور کیا	گمان ہے	ان لوگوں کا جو	باندھتے ہیں

اللہ نے (اس کی) اجازت دی یا تم اللہ پر بہتان باندھتے ہو۔ اور کیا گمان ہے ان لوگوں کا جنہوں نے

عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ

عَلَى اللّٰهِ	الْكَذِبَ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	اِنَّ اللّٰهَ	لَذُوْ	فَضْلٍ	عَلَى	النَّاسِ	وَلٰكِنَّ
اللہ پر	جھوٹ	قیامت کے دن	بیشک اللہ	صاحب	فضل ہے	اوپر	لوگوں کے	اور لیکن

اللہ پر جھوٹ بول کر بہتان باندھا کہ) قیامت کے دن بے شک اللہ لوگوں پر فضل (وکرم) فرمانے والا ہے لیکن ان کے

اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۶۰﴾ وَمَا تَكُوْنُ فِيْ شَاْنٍ وَّمَا تَتْلُوْا مِنْهُ مِنْ قُرْاٰنٍ

ع ۶

اَكْثَرَهُمْ	لَا	يَشْكُرُوْنَ	وَ	مَا	تَكُوْنُ	فِيْ شَاْنٍ	وَّ	مَا	تَتْلُوْا	مِنْهُ	مِنْ قُرْاٰنٍ
اکثر ان کے	نہیں	شکر کرتے	اور	نہیں	ہوتے آپ	کسی حالت میں	اور	نہیں	پڑھتے آپ	اس سے	قرآن کا کچھ حصہ

اکثر لوگ شکرگزار نہیں۔ (اے حبیب کبریا ﷺ) اور آپ جس حال میں ہوتے ہو یا قرآن

وَّلَا تَعْمَلُوْنَ مِنْ عَمَلٍ اِلَّا كُنَّا عَلَيْكُمْ شُهُوْدًا اِذْ

وَّ	لَا	تَعْمَلُوْنَ	مِنْ	عَمَلٍ	اِلَّا	كُنَّا	عَلَيْكُمْ	شُهُوْدًا	اِذْ
اور	نہیں	عمل کرتے تم	کوئی	عمل	مگر	ہوتے ہیں ہم	آپ پر	گواہ	جبکہ

میں سے کچھ تلاوت کرتے ہو یا کوئی اور کام کرتے ہو ہم تمہارے سامنے ہوتے ہیں

تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ؕ وَمَا يَعْزُبُ عَنْ رَّبِّكَ مِنْ مِّثْقَالِ ذَرَّةٍ فِي الْاَرْضِ

تُفِيْضُوْنَ	فِيْهِ	وَ	مَا	يَعْزُبُ	عَنْ رَّبِّكَ	مِنْ	مِّثْقَالِ ذَرَّةٍ	فِي الْاَرْضِ
بحث کرتے ہوتم	اس میں	اور	نہیں	چھپتی	تیرے رب سے	کوئی چیز	برابر ایک ذرہ کے	زمین میں

اور تمہارے رب سے ذرہ بھر کوئی چیز غائب نہیں زمین میں نہ آسمان میں

وَلَا فِي السَّمَآءِ وَلَآ اَصْغَرَ مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرَ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ

وَ	لَا	فِي السَّمَآءِ	وَ	لَآ	اَصْغَرَ	مِنْ ذٰلِكَ	وَ	لَآ	اَكْبَرَ	اِلَّا	فِيْ كِتٰبٍ
اور	نہ	آسمان میں	اور	نہ	چھوٹی	اس سے	اور	نہ	بڑی	مگر	کتاب میں

اور نہ اس سے چھوٹی اور نہ اس سے بڑی کوئی چیز نہیں جو ایک

مُّبِيْنٍ ﴿٦١﴾ اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٦٢﴾

مُّبِيْنٍ	اَلَآ	اِنَّ	اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ	لَا خَوْفٌ	عَلَيْهِمْ	وَ	لَا	هُمْ	يَحْزَنُوْنَ
روشن ہے	سن لو	بیشک	اللہ کے ولی	نہیں ہے خوف	ان کو	اور	نہ	وہ	غم کھائینگے

روشن کتاب میں نہ ہوں۔ خبردار بے شک اللہ کے ولیوں پر نہ کچھ خوف ہے اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿٦٣﴾ لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَ

الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	كَانُوْا	يَتَّقُوْنَ	لَهُمُ	الْبُشْرٰى	فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	وَ
وہ لوگ	جو ایمان لائے	اور	تھے	ڈرتے	ان کے لیے	خوشخبری ہے	دنیا کی زندگی میں	اور

وہ جو ایمان لائے اور خدا سے ڈرتے رہے۔ ان کیلئے دنیا کی زندگی میں بھی خوشخبری ہے اور

فِي الْاٰخِرَةِ ؕ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿٦٤﴾

فِي الْاٰخِرَةِ	لَا تَبْدِيْلَ	لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ	ذٰلِكَ	هُوَ	الْفَوْزُ	الْعَظِيْمُ
آخرت میں	نہیں ہے تبدیلی	اللہ کی باتوں میں	یہی ہے	وہ	کامیابی	بڑی

آخرت میں بھی اللہ کی باتوں میں کوئی تبدیلی نہیں ہوا کرتی یہی بڑی کامیابی ہے۔

وقف لازم

وَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ إِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيعًا ۚ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿٦٥﴾

وَ	لَا	يَحْزُنْكَ	قَوْلُهُمْ	إِنَّ	الْعِزَّةَ	لِلّٰهِ	جَمِيعًا	هُوَ	السَّمِيعُ	الْعَلِيمُ
اور	نہ	غم میں ڈالے آپ کو	ان کی بات	بیشک	عزت	واسطے اللہ کے ہے	سب	وہ ہے	سننے والا	جاننے والا

اے حبیب ﷺ اور انکی باتیں (کہ آپ رسول نہیں ہیں) آپ کو غم میں نہ ڈالیں بیشک ساری عزت اللہ کیلئے ہے وہی بہت سننے والا سب کچھ جاننے والا ہے۔

أَلَا إِنَّ لِلّٰهِ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ ۗ وَمَا يَتَّبِعُ الَّذِينَ

أَلَا	إِنَّ	لِلّٰهِ	مَنْ	فِي السَّمٰوٰتِ	وَ	مَنْ	فِي الْأَرْضِ	وَ	مَا	يَتَّبِعُ	الَّذِينَ
سن لو	بیشک	اللہ ہی کا ہے	جو کچھ	آسمانوں میں ہے	اور	جو کچھ	زمیں میں ہے	اور	نہیں	پیروی کرتے	وہ جو

سن لو یقیناً سب کا مالک اللہ ہی ہے جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے اور کس کی پیروی کر رہے ہیں وہ لوگ جو اللہ کے سوا

يَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللّٰهِ شُرَكَاءَ ۚ إِنْ يَتَّبِعُونَ إِلَّا الظَّنَّ وَإِنْ هُمْ

يَدْعُونَ	مِنْ دُونِ اللّٰهِ	شُرَكَاءَ	إِنْ يَتَّبِعُونَ	إِلَّا	الظَّنَّ	وَ	إِنْ	هُمْ
پکارتے ہیں	اللہ کے سوا	شریکوں کو	نہیں پیروی کرتے	مگر	گمان کی	اور	نہیں	وہ

دوسروں کو شریک بنا کر پکارتے ہیں وہ صرف گمان کی پیروی کرتے ہیں اور

إِلَّا يَخْرُصُونَ ﴿٦٦﴾ هُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ اللَّيْلَ لِتَسْكُنُوا فِيهِ

إِلَّا	يَخْرُصُونَ	هُوَ	الَّذِي	جَعَلَ	لَكُمُ	اللَّيْلَ	لِتَسْكُنُوا	فِيهِ
مگر	انکل کرتے ہیں	وہ تو	وہ ہے جس نے	بنایا	تمہارے لیے	رات کو	تا کہ تم چین پاؤ	اس میں

محض قیاس آرائیاں کر رہے ہیں۔ وہی ہے جس نے تمہارے لئے رات بنائی کہ اس میں سکون پاؤ

وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ۚ إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ يَسْمَعُونَ ﴿٦٧﴾ قَالُوا اتَّخَذَ

وَالنَّهَارَ	مُبْصِرًا	إِنَّ	فِي ذٰلِكَ	لَآيَاتٍ	لِقَوْمٍ	يَسْمَعُونَ	قَالُوا	اتَّخَذَ
اور دن کو	دکھانے والا	بیشک	اس میں	یقیناً نشانیاں ہیں	واسطے اس قوم کے	جو سنتے ہیں	انہوں نے کہا	بنالی ہے

اور روشن دن بنایا بے شک اس میں سننے والوں کیلئے نشانیاں ہیں۔ بولے اللہ نے اپنے لئے

اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ۭ هُوَ الْغَنِيُّ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ

اللّٰهُ	وَلَدًا	سُبْحٰنَهٗ	هُوَ	الْغَنِيُّ	لَهٗ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَ	مَا	فِي الْاَرْضِ
اللہ نے	اولاد	وہ پاک ہے	وہ	بے نیاز ہے	اسی کا ہے	جو کچھ	آسمانوں میں ہے	اور	جو کچھ	زمین میں ہے

اولاد بنائی پاک ہے وہ اس سے اور بے نیاز ہے اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے

اِنْ عِنْدَكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍۢ بِهٰذَا ۭ اَتَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ

اِنْ	عِنْدَكُمْ	مِّنْ	سُلْطٰنٍ	بِهٰذَا	اَتَقُوْلُوْنَ	عَلَى اللّٰهِ
نہیں ہے	تمہارے پاس	کوئی بھی	سند	اس کی	کیا تم کہتے ہو	اللہ پر وہ بات

اور جو کچھ زمین میں ہے تمہارے پاس اس کی کوئی بھی دلیل نہیں کیا اللہ پر وہ کچھ کہتے ہو

مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۶۸﴾ قُلْ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ

مَا	لَا	تَعْلَمُوْنَ	قُلْ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	يَفْتَرُوْنَ	عَلَى اللّٰهِ	الْكَذِبَ
جو	نہیں	جانتے تم	فرمادیں	بیشک	وہ جو	باندھتے ہیں	اللہ پر	جھوٹ

جس کا تمہیں علم نہیں۔ آپ فرما دیجئے جو لوگ اللہ کے بارے میں جھوٹ گھڑتے ہیں

لَا يُفْلِحُوْنَ ﴿۶۹﴾ مَتَاعٌ فِي الدُّنْيَا ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ نُذِيْقُهُمُ

لَا يُفْلِحُوْنَ	مَتَاعٌ	فِي الدُّنْيَا	ثُمَّ	اِلَيْنَا	مَرْجِعُهُمْ	ثُمَّ	نُذِيْقُهُمُ
وہ نہیں خلاصی پاتے	سامان ہے	دنیا میں	پھر	ہماری طرف ہے	ان کا لوٹنا	پھر	چکھائیں گے ہم ان کو

وہ کامیاب نہیں ہوں گے۔ یہ سازوسامان دنیا ہی میں ہے پھر ہماری طرف ہی ان کی واپسی ہوگی پھر

الْعَذَابَ الشَّدِيْدَ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ﴿۷۰﴾ ع وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ نُوْحٍ ۘ اِذْ

الْعَذَابَ	الشَّدِيْدَ	بِمَا	كَانُوْا	يَكْفُرُوْنَ	وَاتْلُ	عَلَيْهِمْ	نَبَاَ	نُوْحٍ	اِذْ
عذاب	سخت	بدلہ اس کا کہ	جو تھے وہ	کفر کرتے	اور پڑھیے	ان پر	خبر	نوح کی	جب

ان کے کفر کے سبب ہم انہیں سخت عذاب کا مزا چکھائیں گے۔ اور آپ ان پر نوح علیہ السلام کا قصہ بیان فرمائیے

قَالَ لِقَوۡمِهٖ يٰقَوۡمِ اِنۡ كَانَ كَبُرَ عَلَيۡكُمۡ مَّقَامِىۡ وَتَذۡكِيۡرِىۡ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ

قَالَ	لِقَوۡمِهٖ	يٰقَوۡمِ	اِنۡ	كَانَ	كَبُرَ	عَلَيۡكُمۡ	مَّقَامِىۡ	وَتَذۡكِيۡرِىۡ	بِاٰيٰتِ	اللّٰهِ
کہا اس نے	اپنی قوم کو	اے میری قوم	اگر	ہے	شاق	تم پر	میرا کھڑا ہونا	اور میرا ڈرانا	آیات	الٰہی سے

جب انہوں نے اپنے مخاطبین سے فرمایا کہ اے میرے لوگو! اگر میرا رہنا اور اللہ کی آیتوں کے ساتھ میرا نصیحت کرنا

فَعَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلۡتُ فَاَجۡمِعُوۡۤا اَمۡرَكُمۡ وَشُرَكَآءَكُمۡ ثُمَّ لَا يَكُنۡ اَمۡرُكُمۡ

فَعَلَى	اللّٰهِ	تَوَكَّلۡتُ	فَاَجۡمِعُوۡۤا	اَمۡرَكُمۡ	وَ	شُرَكَآءَكُمۡ	ثُمَّ	لَا	يَكُنۡ	اَمۡرُكُمۡ
تو اوپر	اللہ کے	بھروسہ کیا میں نے	سو اکٹھا کرو تم	اپنا کام	اور	اپنے شریکوں کو	پھر	نہ	ہو	تمہارا کام

تم پر شاق ہو تو میں نے صرف اللہ پر بھروسہ کیا اب تم سب مل کر اپنی تدبیر پکی کر لو اور اپنے معبودوں کو ملا لو پھر

عَلَيۡكُمۡ غُمَّةً ثُمَّ اقۡضُوۡۤا اِلَىَّ وَلَا تُنۡظِرُوۡنِ ﴿٧١﴾ فَاِنۡ تَوَلَّيۡتُمۡ فَمَا

عَلَيۡكُمۡ	غُمَّةً	ثُمَّ	اقۡضُوۡۤا	اِلَىَّ	وَ	لَا	تُنۡظِرُوۡنِ	فَاِنۡ	تَوَلَّيۡتُمۡ	فَمَا
تم پر	پوشیدہ	پھر	فیصلہ کرو	میری طرف	اور	نہ	مہلت دو مجھ کو	پھر اگر	تم پھر جاؤ	تو نہیں

تمہاری تدبیر تم پر پوشیدہ نہ رہے پھر جو کچھ میرے ساتھ کر سکتے ہو کر لو اور مجھے مہلت نہ دو۔ تو اگر تم روگردانی کرو تو میں تم سے

سَاَلۡتُكُمۡ مِّنۡ اَجۡرٍ ؕ اِنۡ اَجۡرِىَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ ۙ وَاُمِرۡتُ اَنۡ

سَاَلۡتُكُمۡ	مِّنۡ	اَجۡرٍ	اِنۡ	اَجۡرِىَ	اِلَّا	عَلَى	اللّٰهِ	وَ	اُمِرۡتُ	اَنۡ
مانگتا میں تم سے	کوئی	اجر	نہیں ہے	میرا اجر	مگر	اوپر	اللہ کے	اور	میں حکم دیا گیا ہوں	یہ کہ

(اپنی نصیحت کا) کچھ بدلہ نہیں مانگتا میرا اجر تو اللہ پر ہے اور مجھے حکم دیا گیا کہ میں

اَكُوۡنَ مِنَ الۡمُسۡلِمِيۡنَ ﴿٧٢﴾ فَكَذَّبُوۡهُ فَنَجَّيۡنٰهُ وَمَنۡ مَّعَهٗ فِى الۡفُلۡكِ

اَكُوۡنَ	مِنَ الۡمُسۡلِمِيۡنَ	فَكَذَّبُوۡهُ	فَنَجَّيۡنٰهُ	وَمَنۡ	مَّعَهٗ	فِى الۡفُلۡكِ
ہوں میں	مسلمانوں سے	پھر جھٹلایا انہوں نے	پھر نجات دی ہم نے اسے	اور جو	اس کے ساتھ تھے	کشتی میں

مسلمانوں میں سے ہوں۔ تو انہوں نے اسے جھٹلایا تو ہم نے انہیں اور جو ان کیساتھ کشتی میں تھے

وَجَعَلْنٰهُمْ خَلٰٓئِفَ وَاَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ

وَ	جَعَلْنٰهُمْ	خَلٰٓئِفَ	وَ	اَغْرَقْنَا	الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	فَانْظُرْ	كَيْفَ
اور	بنایا ہم نے ان کو	جانشین	اور	غرق کیا ہم نے	ان کو جنہوں نے	جھٹلایا	ہماری آیتوں کو	پھر دیکھو	کیسا

ان کو نجات دی اور انہیں ہم نے نائب کیا اور جنہوں نے ہماری آیتیں جھٹلائیں انکو ہم نے ڈبو دیا تو دیکھ

كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿٧٣﴾ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ

كَانَ	عَاقِبَةُ	الْمُنْذَرِيْنَ	ثُمَّ	بَعَثْنَا	مِنْۢ بَعْدِهٖ	رُسُلًا	اِلٰى قَوْمِهِمْ
ہوا	انجام	ڈرائے ہوؤں کا	پھر	بھیجے ہم نے	اس کے بعد	کئی رسول	انکی قوموں کی طرف

تو جنہیں خبردار کیا گیا تھا انکا انجام کیسا ہوا۔ پھر اس کے بعد اور رسول ہم نے ان کی قوموں کی طرف بھیجے

فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُ ؕ

فَجَآءُوْهُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ	فَمَا	كَانُوْا	لِيُؤْمِنُوْا	بِمَا	كَذَّبُوْا بِهٖ	مِنْ قَبْلُ
وہ لائے ان کے پاس	روشن دلائل	پھر نہیں	تھے وہ	کہ ایمان لاتے	اس پر	جسے جھٹلا چکے تھے	اس سے پہلے

تو وہ ان کے پاس روشن دلیلیں لائے تو وہ ایسے نہ تھے کہ ایمان لاتے اس پر جسے پہلے جھٹلا چکے تھے

كَذٰلِكَ نَطْبَعُ عَلٰى قُلُوْبِ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿٧٤﴾ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ

كَذٰلِكَ	نَطْبَعُ	عَلٰى	قُلُوْبِ	الْمُعْتَدِيْنَ	ثُمَّ	بَعَثْنَا	مِنْۢ بَعْدِهِمْ
اسی طرح	مہر کرتے ہیں ہم	اوپر	دل	مجرموں کے	پھر	بھیجا ہم نے	ان کے بعد

ہم یوں ہی حد سے گزرنے والوں کے دلوں پر مہر لگا دیتے ہیں۔ پھر ان کے بعد ہم نے موسیٰ علیہ السلام اور

مُّوْسٰى وَهٰرُوْنَ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ بِاٰيٰتِنَا فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا

مُّوْسٰى	وَهٰرُوْنَ	اِلٰى	فِرْعَوْنَ	وَ	مَلَا۟ئِهٖ	بِاٰيٰتِنَا	فَاسْتَكْبَرُوْا	وَكَانُوْا
موسیٰ	اور ہارون کو	طرف	فرعون	اور	اسکے سرداروں کی	اپنی نشانیاں دے کر	پھر تکبر کیا انہوں نے	اور تھے وہ

ہارون علیہ السلام کو فرعون اور اسکے سرداروں کی طرف اپنے نشانیاں دیکر بھیجا پھر انہوں نے تکبر کیا اور

قَوۡمًا مُّجۡرِمِیۡنَ ﴿۷۵﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمُ الۡحَقُّ مِنۡ عِنۡدِنَا قَالُوۡۤا اِنَّ

قَوۡمًا	مُّجۡرِمِیۡنَ	فَلَمَّا	جَآءَهُمُ	الۡحَقُّ	مِنۡ عِنۡدِنَا	قَالُوۡۤا	اِنَّ
قوم	مجرم	پھر جب	آیا ان کے پاس	حق	ہماری طرف سے	کہا انہوں نے	بیشک

وہ مجرم قوم بن گئے۔ پھر جب ان کے پاس ہماری طرف سے حق پہنچا تو کہنے لگے

هٰذَا لَسِحۡرٌ مُّبِیۡنٌ ﴿۷۶﴾ قَالَ مُوۡسٰۤی اَتَقُوۡلُوۡنَ لِلۡحَقِّ لَمَّا جَآءَكُمۡ ؕ

هٰذَا	لَسِحۡرٌ	مُّبِیۡنٌ	قَالَ	مُوۡسٰی	اَتَقُوۡلُوۡنَ	لِلۡحَقِّ	لَمَّا	جَآءَكُمۡ
یہ	یقیناً جادو ہے	کھلا ہوا	کہا	موسیٰ نے	کیا کہتے ہو تم	حق کو	جبکہ	آیا تمہارے پاس

یہ تو کھلا جادو ہے۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کیا حق کے بارے میں تم ایسی بات کہتے ہو جب وہ تمہارے پاس آ گیا کیا یہ

اَسِحۡرٌ هٰذَا ؕ وَلَا یُفۡلِحُ السّٰحِرُوۡنَ ﴿۷۷﴾ قَالُوۡۤا اَجِئۡتَنَا لِتَلۡفِتَنَا عَمَّا

اَسِحۡرٌ	هٰذَا	وَ	لَا	یُفۡلِحُ	السّٰحِرُوۡنَ	قَالُوۡۤا	اَجِئۡتَنَا	لِتَلۡفِتَنَا	عَمَّا
کیا جادو ہے	یہ	اور	نہیں	کامیاب ہوتے	جادوگر	کہا انہوں نے	کیا آئے تم ہمارے پاس	تاکہ منحرف کرے	اس سے

جادو ہے؟ اور جادو کرنے والے تو (کبھی) کامیاب نہیں ہوسکتے۔ وہ کہنے لگے (اے موسیٰ علیہ السلام) کیا تم ہمارے پاس اس لئے

وَجَدۡنَا عَلَیۡهِ اٰبَآءَنَا وَتَكُوۡنَ لَكُمَا الۡكِبۡرِیَآءُ فِی الۡاَرۡضِ ؕ وَمَا

وَجَدۡنَا	عَلَیۡهِ	اٰبَآءَنَا	وَ	تَكُوۡنَ	لَكُمَا	الۡكِبۡرِیَآءُ	فِی الۡاَرۡضِ	وَ	مَا
جو پایا ہم نے	اس پر	اپنے باپ دادا کو	اور	ہو جائے	تم دونوں کی	بڑائی	زمین میں	اور	نہیں

آئے ہو کہ ہمیں اس چیز سے پھیر دو جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا اور زمین میں تم ہی دونوں کیلئے بڑائی رہے

نَحۡنُ لَكُمَا بِمُؤۡمِنِیۡنَ ﴿۷۸﴾ وَقَالَ فِرۡعَوۡنُ ائۡتُوۡنِیۡ بِكُلِّ سٰحِرٍ

نَحۡنُ	لَكُمَا	بِمُؤۡمِنِیۡنَ	وَ	قَالَ	فِرۡعَوۡنُ	ائۡتُوۡنِیۡ	بِكُلِّ	سٰحِرٍ
ہم	تم دونوں کو	ماننے والے	اور	کہا	فرعون نے	لاؤ میرے پاس	ہر ایک	جادوگر

اور ہم تم پر ایمان نہیں لائیں گے۔ اور فرعون بولا ہر جادوگر علم والے کو میرے

عَلِيْمٌ ﴿۷۹﴾ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰٓى اَلْقُوْا مَآ اَنْتُمْ

عَلِيْمٌ	فَلَمَّا	جَآءَ	السَّحَرَةُ	قَالَ	لَهُمْ	مُّوْسٰى	اَلْقُوْا	مَآ	اَنْتُمْ
جاننے والا	پھر جب	آئے	جادوگر	کہا	ان سے	موسیٰ نے	ڈالو	جو کچھ	ہو تم

پاس لے آؤ۔ پھر جب۔ جادوگر آئے ان سے موسیٰ علیہ السلام نے کہا پھینکو

مُّلْقُوْنَ ﴿۸۰﴾ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ؕ اِنَّ

مُّلْقُوْنَ	فَلَمَّآ	اَلْقَوْا	قَالَ	مُوْسٰى	مَا جِئْتُمْ بِهٖ	السِّحْرُ	اِنَّ
ڈالنے والے	پھر جب	ڈالا انہوں نے	کہا	موسیٰ نے	جو کچھ لائے ہو تم یہ	جادو ہے	بیشک

جو تمہیں پھینکنا ہے۔ پھر جب وہ پھینک چکے تو موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا جو تم لائے ہو وہ جادو ہے

اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۸۱﴾ وَيُحِقُّ اللّٰهُ

اللّٰهَ	سَيُبْطِلُهٗ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَا يُصْلِحُ	عَمَلَ	الْمُفْسِدِيْنَ	وَ	يُحِقُّ	اللّٰهُ
اللہ	جلدی باطل کرے گا اس کو	بیشک	اللہ	نہیں درست کرتا	عمل	فساد کرنے والوں کا	اور	حق کرتا ہے	اللہ

اللہ اسے مٹا دے گا بے شک اللہ مفسدوں کے عمل کو نہیں سنوارتا۔ اور اللہ اپنے

الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۸۲﴾ فَمَآ اٰمَنَ لِمُوْسٰٓى اِلَّا ذُرِّيَّةٌ

الْحَقَّ	بِكَلِمٰتِهٖ	وَ	لَوْ	كَرِهَ	الْمُجْرِمُوْنَ	فَمَآ	اٰمَنَ	لِمُوْسٰى	اِلَّا	ذُرِّيَّةٌ
حق کو	اپنی باتوں سے	اور	اگرچہ	ناپسند کریں	مجرم لوگ	پھر نہ	ایمان لائے	موسیٰ علیہ السلام پر	مگر	کچھ نوجوان

کلمات سے حق کو حق فرما دے گا اگرچہ مجرم ناپسند کریں۔ تو (ابتدا) موسیٰ علیہ السلام پر ایمان نہ لائے

مِّنْ قَوْمِهٖ عَلٰى خَوْفٍ مِّنْ فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهِمْ اَنْ يَّفْتِنَهُمْ ؕ

مِّنْ قَوْمِهٖ	عَلٰى	خَوْفٍ	مِّنْ فِرْعَوْنَ	وَ	مَلَا۟ئِهِمْ	اَنْ	يَّفْتِنَهُمْ
اس کی قوم میں سے	بوجہ	ڈر	فرعون کے	اور	ان کے سرداروں کے	یہ کہ	فتنہ میں ڈالے انکو

مگر ان (موسیٰ علیہ السلام) کے کچھ لوگوں کی اولاد فرعون اور اس کی قوم کے سرداروں سے ڈرتے ہوئے کہ کہیں وہ انہیں فتنہ میں نہ ڈال

وَاِنَّ فِرْعَوْنَ لَعَالٍ فِی الْاَرْضِ ۚ وَاِنَّهٗ لَمِنَ الْمُسْرِفِیْنَ ﴿۸۳﴾ وَقَالَ

وَ	اِنَّ	فِرْعَوْنَ	لَعَالٍ	فِی الْاَرْضِ	وَ	اِنَّهٗ	لَمِنَ الْمُسْرِفِیْنَ	وَقَالَ
اور	بیشک	فرعون	سرکش تھا	زمین میں	اور	یقیناً وہ	تھا حد سے بڑھنے والوں سے	اور کہا

دیں اور یقیناً فرعون زمین میں بڑا متکبر تھا۔ اور بے شک وہ حد سے بڑھنے والوں میں سے تھا۔ اور موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا

مُوْسٰی یٰقَوْمِ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ فَعَلَیْهِ تَوَكَّلُوْۤا اِنْ كُنْتُمْ

مُوْسٰی	یٰقَوْمِ	اِنْ	كُنْتُمْ	اٰمَنْتُمْ	بِاللّٰهِ	فَعَلَیْهِ	تَوَكَّلُوْۤا	اِنْ	كُنْتُمْ
موسیٰ نے	اے میری قوم	اگر	ہو تم	ایمان رکھتے	اللہ پر	تو اسی پر	بھروسہ رکھو	اگر	ہو تم

اے میری اُمت! اگر تم اللہ پر ایمان لائے ہو تو اللہ ہی پر بھروسہ کرو اگر تم

مُّسْلِمِیْنَ ﴿۸۴﴾ فَقَالُوْا عَلَی اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ۚ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ

مُّسْلِمِیْنَ	فَقَالُوْا	عَلَی اللّٰهِ	تَوَكَّلْنَا	رَبَّنَا	لَا	تَجْعَلْنَا	فِتْنَةً	لِّلْقَوْمِ
فرمانبردار	پھر انہوں نے کہا	اللہ ہی پر	بھروسہ کیا ہم نے	اے ہمارے رب	نہ	بنا ہم کو	آزمائش	قوم لیے

(واقعی) مسلمان ہو۔ بولے ہم نے اللہ ہی پر بھروسہ کیا اے ہمارے رب ہم کو ظالم لوگوں کیلئے

الظّٰلِمِیْنَ ﴿۸۵﴾ لا وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِیْنَ ﴿۸۶﴾

الظّٰلِمِیْنَ	وَ	نَجِّنَا	بِرَحْمَتِكَ	مِنَ الْقَوْمِ	الْكٰفِرِیْنَ
ظالم کے	اور	نجات دے ہم کو	اپنی رحمت سے	قوم	کافروں سے

آزمائش نہ بنا۔ ور اپنی رحمت فرما کر ہمیں کافروں سے نجات دے۔

وَاَوْحَیْنَاۤ اِلٰی مُوْسٰی وَاَخِیْهِ اَنْ تَبَوَّاٰ لِقَوْمِكُمَا بِمِصْرَ بُیُوْتًا

وَ	اَوْحَیْنَاۤ	اِلٰی	مُوْسٰی	وَ	اَخِیْهِ	اَنْ	تَبَوَّاٰ	لِقَوْمِكُمَا	بِمِصْرَ	بُیُوْتًا
اور	وحی کی ہم نے	طرف	موسیٰ	اور	اسکے بھائی کی	یہ کہ	جگہ دو	اپنی قوم کو	مصر میں	گھروں کی

اور ہم نے موسیٰ علیہ السلام اور اس کے بھائی کی طرف وحی کی کہ اپنی قوم کیلیے مصر میں کچھ گھر بناؤ

وَاجْعَلُوْا بُيُوْتَكُمْ قِبْلَةً وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ (٨٧)

وَ	اجْعَلُوْا	بُيُوْتَكُمْ	قِبْلَةً	وَّاَقِيْمُوْا	الصَّلٰوةَ	وَ	بَشِّرِ	الْمُؤْمِنِيْنَ
اور	بناؤ	اپنے گھروں کو	نماز کی جگہ کرو	اور قائم کرو	نماز	اور	خوشخبری دو	مومنوں کو

اور اپنے ان گھروں کو قبلہ کرو اور نماز قائم کرو اور مومنوں کو بشارت دے دو۔

وَقَالَ مُوْسٰى رَبَّنَآ اِنَّكَ اٰتَيْتَ فِرْعَوْنَ وَمَلَاَهٗ زِيْنَةً وَّاَمْوَالًا

وَ	قَالَ	مُوْسٰى	رَبَّنَآ	اِنَّكَ	اٰتَيْتَ	فِرْعَوْنَ	وَمَلَاَهٗ	زِيْنَةً	وَّ	اَمْوَالًا
اور	کہا	موسیٰ نے	اے ہمارے رب	بیشک تونے	دیا	فرعون کو	اور اسکے سرداروں کو	زینت	اور	مال

اور موسیٰ علیہ السلام نے کہا ہمارے رب! تو نے فرعون اور اس کے سرداروں کو اس دنیا کی زندگی میں مال

فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ رَبَّنَا لِيُضِلُّوْا عَنْ سَبِيْلِكَ ۚ رَبَّنَا اطْمِسْ عَلٰٓى اَمْوَالِهِمْ

فِي الْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا	رَبَّنَا	لِيُضِلُّوْا	عَنْ سَبِيْلِكَ	رَبَّنَا	اطْمِسْ	عَلٰٓى اَمْوَالِهِمْ
زندگی میں	دنیا کی	اے ہمارے رب	تاکہ گمراہ کریں	تیری راہ سے	اے ہمارے رب	مٹادے	ان کے مال

اور زینت دی ہے ہمارے رب! اس لئے کہ وہ تیری راہ سے لوگوں کو ہٹائیں ہمارے رب!

وَاشْدُدْ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْا حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ

وَ	اشْدُدْ	عَلٰى	قُلُوْبِهِمْ	فَلَا	يُؤْمِنُوْا	حَتّٰى	يَرَوُا	الْعَذَابَ
اور	سخت کردے	ان کے	دل	پھر نہ	ایمان لائیں	یہاں تک کہ	دیکھیں	عذاب

ان کے مال برباد کر دے اور ان کے دل سخت کر دے کہ وہ ایمان نہ لائیں جب تک دردناک

الْاَلِيْمَ (٨٨) قَالَ قَدْ اُجِيْبَتْ دَّعْوَتُكُمَا فَاسْتَقِيْمَا وَلَا تَتَّبِعٰٓنِّ سَبِيْلَ

الْاَلِيْمَ	قَالَ	قَدْ	اُجِيْبَتْ	دَّعْوَتُكُمَا	فَاسْتَقِيْمَا	وَ	لَا تَتَّبِعٰٓنِّ	سَبِيْلَ
دردناک	فرمایا	بیشک	قبول کی گئی	تمہاری دعا	پھر ثابت قدم رہو	اور	نہ پیروی کرو	رستے

عذاب دیکھ نہ لیں۔ اللہ نے فرمایا تم دونوں کی دعا قبول کر لی گئی ہے تو تم ثابت قدم رہو اور جاہلوں کے راستے کی

الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٨٩﴾ وَجٰوَزْنَا بِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْبَحْرَ فَاَتْبَعَهُمْ

الَّذِيْنَ	لَا يَعْلَمُوْنَ	وَجٰوَزْنَا	بِبَنِيْٓ	اِسْرَآءِيْلَ	الْبَحْرَ	فَاَتْبَعَهُمْ
ان لوگوں کے جو	نہیں جانتے	اور گزار دیا ہم نے	بنی	اسرائیل کو	دریا سے	پھر پیچھے لگا انکے

ہرگز پیروی نہ کرنا۔ اور ہم دریا پار لے گئے بنی اسرائیل کو تو فرعون اور اس کے لشکر نے

فِرْعَوْنُ وَجُنُوْدُهٗ بَغْيًا وَّعَدْوًا ؕ حَتّٰٓى اِذَآ اَدْرَكَهُ الْغَرَقُ ۙ قَالَ

فِرْعَوْنُ	وَجُنُوْدُهٗ	بَغْيًا	وَّ	عَدْوًا	حَتّٰٓى	اِذَآ	اَدْرَكَهُ	الْغَرَقُ	قَالَ
فرعون	اور اس کا لشکر	سرکشی	اور	دشمنی سے	یہاں تک کہ	جب	پالیا اس کو	غرق ہونے لگا	کہا

سرکشی اور ظلم کرتے ہوئے ان کا پیچھا کیا یہاں تک کہ جب اس کے غرق ہونے کا وقت آگیا تو اس نے کہا

اٰمَنْتُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا الَّذِيْٓ اٰمَنَتْ بِهٖ بَنُوْٓا اِسْرَآءِيْلَ وَاَنَا

اٰمَنْتُ	اَنَّهٗ	لَآ اِلٰهَ	اِلَّا الَّذِيْٓ	اٰمَنَتْ	بِهٖ	بَنُوْٓا اِسْرَآءِيْلَ	وَ	اَنَا
میں ایمان لایا	یقیناً وہ	نہیں کوئی معبود	مگر وہی کہ	ایمان لائے	اس پر	بنی اسرائیل	اور	میں

کہ میں ایمان لایا اس پر کہ کوئی معبود نہیں بجز اس کے جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے اور میں

مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿٩٠﴾ آٰلْئٰنَ وَقَدْ عَصَيْتَ قَبْلُ وَكُنْتَ

مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ	آٰلْئٰنَ	وَ	قَدْ	عَصَيْتَ	قَبْلُ	وَ	كُنْتَ
مسلمانوں سے ہوں	کیا اب؟	اور	بیشک	نافرمانی کی تو نے	پہلے	اور	تھا تو

مسلمانوں میں سے ہوں۔ کیا اب تو ایمان لاتا ہے؟ جبکہ اس سے پہلے تو نافرمان تھا

مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿٩١﴾ فَالْيَوْمَ نُنَجِّيْكَ بِبَدَنِكَ لِتَكُوْنَ لِمَنْ خَلْفَكَ

مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ	فَالْيَوْمَ	نُنَجِّيْكَ	بِبَدَنِكَ	لِتَكُوْنَ	لِمَنْ	خَلْفَكَ
فسادیوں سے	سو آج	نجات دینگے ہم تجھ کو	تیرے بدن کو	تاکہ ہو تو	ان کیلیے جو	تیرے پیچھے ہیں

اور فساد برپا کرتا تھا۔ آج ہم تیری لاش کو بچالیں گے کہ تو ان کے لیے جو تیرے بعد میں

ع

اٰيَةً ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ عَنْ اٰيٰتِنَا لَغٰفِلُوْنَ ۝۹۲ وَلَقَدْ بَوَّاْنَا بَنِيْٓ

بَنِيْٓ	بَوَّاْنَا	لَقَدْ	وَ	لَغٰفِلُوْنَ	عَنْ اٰيٰتِنَا	مِّنَ النَّاسِ	كَثِيْرًا	اِنَّ	وَ	اٰيَةً
بنی	جگہ دی ہم نے	بیشک	اور	یقیناً غافل ہیں	ہماری آیتوں سے	لوگ	بہت سے	بیشک	اور	نشانی

آنیوالے ہیں عبرت ہو جائے اور بے شک لوگ ہماری آیتوں سے غافل ہیں۔ اور ہم نے بنی اسرائیل کو

اِسْرَآءِيْلَ مُبَوَّاَ صِدْقٍ وَّرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ۚ فَمَا

فَمَا	مِّنَ الطَّيِّبٰتِ	رَزَقْنٰهُمْ	وَّ	صِدْقٍ	مُبَوَّاَ	اِسْرَآءِيْلَ
پھر نہ	پاکیزہ چیزوں کا	ہم نے ان کو رزق دیا	اور	عزت کی	جگہ	اسرائیل کو

ایک عمدہ ٹھکانے پر ٹھہرایا اور انہیں پاکیزہ رزق دیا اور

اخْتَلَفُوْا حَتّٰى جَآءَهُمُ الْعِلْمُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ

يَقْضِيْ	رَبَّكَ	اِنَّ	الْعِلْمُ	جَآءَهُمُ	حَتّٰى	اخْتَلَفُوْا
فیصلہ کرے گا	تمہارا رب	بیشک	ان کے رسول	آئے ان کے پاس	یہاں تک کہ	اختلاف کیا انہوں نے

انہوں نے اختلاف نہیں کیا یہاں تک کہ ان کے پاس علم آ گیا اب تمہارا رب ہی

بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۝۹۳ فَاِنْ

فَاِنْ	يَخْتَلِفُوْنَ	فِيْهِ	كَانُوْا	فِيْمَا	الْقِيٰمَةِ	يَوْمَ	بَيْنَهُمْ
پھر اگر	اختلاف کرتے	اس میں	تھے وہ	اس میں جو	قیامت کے	دن	انکے درمیان

ان کے درمیان روز قیامت کو ان باتوں کا فیصلہ کرے گا جن میں وہ اختلاف کرتے ہیں۔ اب اگر

كُنْتَ فِيْ شَكٍّ مِّمَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ فَسْئَلِ الَّذِيْنَ

الَّذِيْنَ	فَسْئَلِ	اِلَيْكَ	اَنْزَلْنَآ	مِّمَّآ	فِيْ شَكٍّ	كُنْتَ
ان سے جو	پھر پوچھ	تیری طرف	جو اتاری ہم نے	اس چیز سے	شک میں	ہے تو

تم اس کے بارے میں جو ہم نے تمہاری طرف نازل کیا ہو کچھ شک ہے تو ان سے پوچھ لو جو تجھ سے پہلے

يَقْرَءُوْنَ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ لَقَدْ جَآءَكَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ

يَقْرَءُوْنَ	الْكِتٰبَ	مِنْ قَبْلِكَ	لَقَدْ	جَآءَكَ	الْحَقُّ	مِنْ رَّبِّكَ
پڑھتے ہیں	کتاب	تجھ سے پہلے	بیشک	آیا تیرے پاس	حق	تیرے رب سے

کتاب پڑھتے آرہے ہیں بے شک تیرے پاس تیرے رب کی طرف سے حق آیا ہے (اے قاری قرآن)

فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿٩٤﴾ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الَّذِيْنَ

فَلَا تَكُوْنَنَّ	مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ	وَلَا	تَكُوْنَنَّ	مِنَ الَّذِيْنَ
پھر نہ ہوتو	شک کرنے والوں میں سے	اور نہ	ہوتو	ان لوگوں سے جنہوں نے

سو تم شک کرنے والوں میں ہرگز نہ ہونا۔ اور ہرگز نہ ہونا ان لوگوں میں سے جنہوں نے

كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَتَكُوْنَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿٩٥﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِ	اللّٰهِ	فَتَكُوْنَ	مِنَ الْخٰسِرِيْنَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ
جھٹلایا	آیات	الٰہی کو	پھر ہوگا تو	خسارہ اٹھانے والوں سے	بیشک	وہ لوگ

اللہ کی آیتوں کو جھٹلایا کہ تم نقصان پانیوالوں میں سے ہو جاؤ گے۔ (اے حبیب ﷺ!) بے شک

حَقَّتْ عَلَيْهِمْ كَلِمَتُ رَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٩٦﴾ وَلَوْ

حَقَّتْ	عَلَيْهِمْ	كَلِمَتُ رَبِّكَ	لَا	يُؤْمِنُوْنَ	وَ	لَوْ
کہ حق ہوئی	ان پر	بات تیرے رب کی	نہیں	ایمان لائینگے	اور	اگرچہ

جن لوگوں پر آپ کے رب کی بات صادق آ چکی ہے وہ ایمان نہیں لائیں گے۔ اگرچہ سب

جَآءَتْهُمْ كُلُّ اٰيَةٍ حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿٩٧﴾ فَلَوْلَا

جَآءَتْهُمْ	كُلُّ	اٰيَةٍ	حَتّٰى	يَرَوُا	الْعَذَابَ	الْاَلِيْمَ	فَلَوْلَا
آئے ان کے پاس	ہر	نشانی	یہاں تک کہ	وہ دیکھیں	عذاب	دردناک	پھر کیوں نہ

نشانیاں ان کے پاس آئیں جب تک دردناک عذاب نہ دیکھ لیں۔ پھر کیوں نہ

كَانَتْ قَرْيَةٌ اٰمَنَتْ فَنَفَعَهَآ اِيْمَانُهَآ اِلَّا قَوْمَ يُوْنُسَ ؕ لَمَّآ

كَانَتْ	قَرْيَةٌ	اٰمَنَتْ	فَنَفَعَهَآ	اِيْمَانُهَآ	اِلَّا	قَوْمَ	يُوْنُسَ	لَمَّآ
ہوئی	کوئی بستی	ایمان لائی	پھر نفع دیا اس کو	اس کے ایمان نے	مگر	قوم	یونس کی	جب

ہوا کہ کوئی بستی ایمان لائی ہو پھر اس کے ایمان نے اسے نفع دیا ہو یونس علیہ السلام کی قوم کے سوا کہ جب وہ ایمان لائے

اٰمَنُوْا كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

اٰمَنُوْا	كَشَفْنَا	عَنْهُمْ	عَذَابَ	الْخِزْيِ	فِي الْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا
وہ ایمان لائے	ہم نے کھول دیا	ان سے	عذاب	خواری کا	زندگی میں	دنیا کی

تو ہم نے اس دنیا کی زندگی میں اُن سے رسوائی کا عذاب دور کر دیا۔ اور اُن کو ایک مدت

وَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ﴿۹۸﴾ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَاٰمَنَ مَنْ فِي

وَ	مَتَّعْنٰهُمْ	اِلٰى حِيْنٍ	وَ	لَوْ شَآءَ	رَبُّكَ	لَاٰمَنَ	مَنْ	فِي الْاَرْضِ
اور	فائدہ دیا ہم نے ان کو	ایک وقت تک	اور	اگر چاہے	تمہارا رب	تو ایمان لائے	جو کوئی	زمین میں ہے

کے لیے سامان زندگی دے دیا۔ اور اگر تمہارا رب چاہتا تو وہ سب لوگ جو زمین پر ہیں

الْاَرْضِ كُلُّهُمْ جَمِيْعًا ؕ اَفَاَنْتَ تُكْرِهُ النَّاسَ حَتّٰى يَكُوْنُوْا

كُلُّهُمْ	جَمِيْعًا	اَفَاَنْتَ	تُكْرِهُ	النَّاسَ	حَتّٰى	يَكُوْنُوْا
سب	کے سب	کیا پھر تم	زبردستی کرو گے	لوگوں کو	یہاں تک کہ	ہو جائیں

سارے کے سارے ایمان لے آتے پس کیا تم لوگوں پر جبر کرو گے تا کہ وہ

مُؤْمِنِيْنَ ﴿۹۹﴾ وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تُؤْمِنَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ

مُؤْمِنِيْنَ	وَ	مَا	كَانَ	لِنَفْسٍ	اَنْ	تُؤْمِنَ	اِلَّا	بِاِذْنِ اللّٰهِ
مسلمان	اور	نہیں	ہے	کسی جان کیلئے	یہ کہ	ایمان لائے	مگر	اللہ کے حکم سے

مومن بن جائیں۔ مگر کسی شخص کیلئے ممکن نہیں کہ وہ ایمان لے آئے سوائے اللہ کی اجازت کے

وَيَجْعَلُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿١٠٠﴾ قُلِ انْظُرُوْا

وَ	يَجْعَلُ	الرِّجْسَ	عَلَى	الَّذِيْنَ	لَا يَعْقِلُوْنَ	قُلِ	انْظُرُوْا
اور	کرتا ہے	عذاب	اوپر	ان کے جو	نہیں سمجھتے	فرماؤ	دیکھو

اور وہ ان لوگوں پر جو عقل نہیں رکھتے گندگی ڈال دیتا ہے۔ فرمادیجئے غور سے دیکھو

مَاذَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَمَا تُغْنِي الْاٰيٰتُ وَالنُّذُرُ

مَاذَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ	وَ	مَا	تُغْنِي	الْاٰيٰتُ	وَ	النُّذُرُ
کیا ہے	آسمانوں میں	اور	زمین میں	اور	نہیں	کام آتیں	نشانیاں	اور	ڈرانے والے

کیا ہے آسمانوں اور زمین میں نشانیاں اور کچھ نفع نہیں پہنچاتیں نشانیاں اور ڈرانے والے ان لوگوں کو

عَنْ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿١٠١﴾ فَهَلْ يَنْتَظِرُوْنَ اِلَّا مِثْلَ اَيَّامِ

عَنْ قَوْمٍ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	فَهَلْ	يَنْتَظِرُوْنَ	اِلَّا	مِثْلَ	اَيَّامِ
اس قوم کو	جو نہیں ایمان لاتے	پھر کیا	دیکھتے ہیں	مگر	مثل	دنوں

جو ایمان لانے کی صلاحیت نہیں رکھتے۔ تو کیا ان لوگوں جیسے دنوں کے منتظر ہیں جو ان سے پہلے

الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ قُلْ فَانْتَظِرُوْٓا اِنِّيْ مَعَكُمْ

الَّذِيْنَ	خَلَوْا	مِنْ قَبْلِهِمْ	قُلْ	فَانْتَظِرُوْٓا	اِنِّيْ	مَعَكُمْ
ان لوگوں کے	جو گزر گئے	ان سے پہلے	فرماؤ	انتظار کرو	بیشک میں	تمہارے ساتھ ہوں

گزر چکے ہیں فرما دیجئے تو انتظار کرو بے شک میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرنے

مِنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ﴿١٠٢﴾ ثُمَّ نُنَجِّيْ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كَذٰلِكَ ۚ

مِنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ	ثُمَّ	نُنَجِّيْ	رُسُلَنَا	وَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	كَذٰلِكَ
انتظار کرنے والوں سے	پھر	نجات دیتے ہیں ہم	اپنے رسولوں کو	اور	ان کو	جو ایمان لائے	اسی طرح

والوں میں سے ہوں۔ پھر ہم اپنے رسولوں اور ایمان والوں کو نجات دیتے ہیں اس طرح ہم پر

حَقًّا عَلَيْنَا نُنْجِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۰۳﴾ ع قُلْ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ

حَقًّا	عَلَيْنَا	نُنْجِ	الْمُؤْمِنِيْنَ	قُلْ	يٰۤاَيُّهَا	النَّاسُ	اِنْ	كُنْتُمْ
حق ہے	ہم پر	نجات دیتے ہیں ہم	مسلمانوں کو	فرماؤ	اے	لوگو	اگر	ہو تم

حق ہے کہ ہم ایمان والوں کو بچا لیں۔ آپ فرما دیجئے اے لوگو! اگر تم میرے دین کے بارے میں

فِيْ شَكٍّ مِّنْ دِيْنِيْ فَلَاۤ اَعْبُدُ الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

فِيْ شَكٍّ	مِّنْ دِيْنِيْ	فَلَاۤ	اَعْبُدُ	الَّذِيْنَ	تَعْبُدُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ
شک میں	میرے دین سے	تو نہیں	عبادت کرتا میں	ان کی جن کی	تم عبادت کرتے ہو	اللہ کے سوا

کسی شک میں ہو تو (یاد رکھو کہ میرا دین یہ ہے کہ) اللہ کے سوا تم جن (بتوں) کی عبادت کرتے ہو

وَلٰكِنْ اَعْبُدُ اللّٰهَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ ۖ وَاُمِرْتُ اَنْ

جو تم نے اور تمہارے باپ دادا نے رکھ لئے ہیں جن کی کوئی دلیل اللہ نے

بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ اَمَرَ اَلَّا تَعْبُدُوْۤا

بِهَا	مِنْ	سُلْطٰنٍ	اِنِ	الْحُكْمُ	اِلَّا	لِلّٰهِ	اَمَرَ	اَلَّا	تَعْبُدُوْۤا
اس کی	کوئی	سند	نہیں ہے	حکم	مگر	اللہ کا	حکم دیا اس نے	یہ کہ نہ	پوجو تم

نازل نہیں کی حکومت صرف اللہ کی ہے اس نے حکم دیا ہے کہ اس کے سوا

اِلَّاۤ اِيَّاهُ ؕ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ

اِلَّاۤ	اِيَّاهُ	ذٰلِكَ	الدِّيْنُ	الْقَيِّمُ	وَ	لٰكِنَّ	اَكْثَرَ	النَّاسِ
مگر	اسی کو	یہ ہے	دین	سیدھا	اور	لیکن	اکثر	لوگ

کسی کی عبادت نہ کرو یہی سیدھا دین ہے لیکن اکثر

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۰﴾ يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ اَمَّاۤ اَحَدُكُمَا فَيَسْقِيْ

لَا	يَعْلَمُوْنَ	يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ	اَمَّاۤ اَحَدُكُمَا	فَيَسْقِيْ
نہیں	جانتے	اے میرے قید خانے کے ساتھیو!	اور ایک تم میں سے	پلائے گا

لوگ نہیں جانتے۔ اے (میرے) قید خانے کے دونوں ساتھیو! تم میں

رَبَّهٗ خَمْرًا ۚ وَ اَمَّا الْاٰخَرُ فَيُصْلَبُ فَتَاْكُلُ الطَّيْرُ مِنْ رَّاْسِهٖ ؕ

رَبَّهٗ	خَمْرًا	وَ	اَمَّا	الْاٰخَرُ	فَيُصْلَبُ	فَتَاْكُلُ	الطَّيْرُ	مِنْ رَّاْسِهٖ
اپنے بادشاہ کو	شراب	اور	رہا وہ	دوسرا	سو وہ سولی دیا جائیگا	تو کھائیں گے	پرندے	اسکے سر سے

سے ایک تو اپنے مربی (بادشاہ) کو شراب پلایا کرے گا اور رہا دوسرا تو وہ سولی دیا جائے گا تو پرندے

قُضِيَ الْاَمْرُ الَّذِيْ فِيْهِ تَسْتَفْتِيٰنِ ﴿۴۱﴾ ؕ وَ قَالَ

قُضِيَ	الْاَمْرُ	الَّذِيْ	فِيْهِ	تَسْتَفْتِيٰنِ	وَ	قَالَ
فیصلہ ہوگیا	کام کا	وہ	جس میں	تم جواب مانگتے تھے	اور	کہا

اس کے سر سے (گوشت نوچ کر) کھائیں گے اس بات کا فیصلہ ہو چکا جس کے بارے میں تم پوچھتے تھے۔ اور یوسف علیہ السلام نے

لِلَّذِیْ ظَنَّ اَنَّهٗ نَاجٍ مِّنْهُمَا اذْكُرْنِیْ عِنْدَ رَبِّكَ٘

لِلَّذِیْ	ظَنَّ	اَنَّهٗ	نَاجٍ	مِّنْهُمَا	اذْكُرْنِیْ	عِنْدَ	رَبِّكَ
اس کو	جو خیال کیا	کہ وہ	نجات پانے والا ہے	ان میں سے	ذکر کرنا میرا	پاس	اپنے بادشاہ کے

اس سے فرمایا جسے ان دونوں میں سے رہائی پانے والا سمجھا اپنے بادشاہ کے پاس میرا ذکر کرنا تو شیطان نے

فَاَنْسٰىهُ الشَّیْطٰنُ ذِكْرَ رَبِّهٖ فَلَبِثَ فِی السِّجْنِ بِضْعَ

فَاَنْسٰىهُ	الشَّیْطٰنُ	ذِكْرَ	رَبِّهٖ	فَلَبِثَ	فِی السِّجْنِ	بِضْعَ
تو بھلا دیا اسے	شیطان نے	ذکر کرنا	اپنے بادشاہ سے	تو ٹھہرا	قید خانہ میں	کئی

اسے بھلا دیا کہ وہ اپنے بادشاہ کے سامنے یوسف علیہ السلام کا ذکر کرے تو وہ کئی سال قید خانے

سِنِیْنَ ﴿۴۲﴾ ع وَقَالَ الْمَلِكُ اِنِّیْۤ اَرٰى سَبْعَ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ

سِنِیْنَ	وَ	قَالَ	الْمَلِكُ	اِنِّیْۤ	اَرٰى	سَبْعَ	بَقَرٰتٍ	سِمَانٍ
برس	اور	کہا	بادشاہ نے	بیشک میں نے	دیکھی ہیں	سات	گائیں	فربہ

میں ٹھہرے رہے۔ اور بادشاہ نے کہا: "یقیناً میں خواب میں دیکھتا ہوں کہ سات موٹی

یَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَّ سَبْعَ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّ اُخَرَ

یَّاْكُلُهُنَّ	سَبْعٌ	عِجَافٌ	وَّ	سَبْعَ	سُنْۢبُلٰتٍ	خُضْرٍ	وَّ	اُخَرَ
کھاتی ہیں ان کو	سات	دبلی	اور	سات	بالیاں	سبز	اور	دوسری

گائیں ہیں جن کو سات دبلی گائیں کھا رہی ہیں اور سات ہری بالیاں ہیں

یٰبِسٰتٍ ؕ یٰۤاَیُّهَا الْمَلَاُ اَفْتُوْنِیْ فِیْ رُءْیَایَ اِنْ كُنْتُمْ

یٰبِسٰتٍ	یٰۤاَیُّهَا	الْمَلَاُ	اَفْتُوْنِیْ	فِیْ رُءْیَایَ	اِنْ	كُنْتُمْ
سوکھی	اے	درباریو	جواب دو مجھے	میرے خواب کا	اگر	ہو تم

اور دوسری سات سوکھی۔ اے سردارو! مجھے اس خواب کی تعبیر بتاؤ اگر تم

لِلرُّءْيَا تَعْبُرُوْنَ ﴿٤٣﴾ قَالُوْٓا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ ۚ وَمَا نَحْنُ

لِلرُّءْيَا	تَعْبُرُوْنَ	قَالُوْٓا	اَضْغَاثُ	اَحْلَامٍ	وَ	مَا	نَحْنُ
خواب کی	تعبیر کرتے	بولے	پریشان	خوابیں ہیں	اور	نہیں	ہم

خواب کی تعبیر دیتے ہو"۔ بولے یہ پریشان خواب ہیں اور ہم

بِتَاْوِيْلِ الْاَحْلَامِ بِعٰلِمِيْنَ ﴿٤٤﴾ وَقَالَ الَّذِيْ نَجَا مِنْهُمَا

بِتَاْوِيْلِ	الْاَحْلَامِ	بِعٰلِمِيْنَ	وَقَالَ	الَّذِيْ	نَجَا	مِنْهُمَا
تعبیر	پریشان خواب کی	جاننے والے	اور کہا	جس نے	نجات پائی تھی	ان دو میں سے

خواب کی تعبیر نہیں جانتے۔ مگر وہ شخص جس نے ان میں رہائی پائی تھی

وَادَّكَرَ بَعْدَ اُمَّةٍ اَنَا اُنَبِّئُكُمْ بِتَاْوِيْلِهٖ فَاَرْسِلُوْنِ ﴿٤٥﴾

وَ	ادَّكَرَ	بَعْدَ	اُمَّةٍ	اَنَا	اُنَبِّئُكُمْ	بِتَاْوِيْلِهٖ	فَاَرْسِلُوْنِ
اور	یاد کیا	بعد	ایک مدت کے	میں	خبر دیتا ہوں تم کو	اس کی تعبیر کی	سو مجھے بھیجو

اور جسے ایک مدت کے بعد یاد آ گیا کہنے لگا میں تمہیں اس کی تعبیر بتاؤں گا سو مجھے بھیجو۔

يُوْسُفُ اَيُّهَا الصِّدِّيْقُ اَفْتِنَا فِيْ سَبْعِ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ

يُوْسُفُ	اَيُّهَا	الصِّدِّيْقُ	اَفْتِنَا	فِيْ سَبْعِ	بَقَرٰتٍ	سِمَانٍ
اے یوسف	اے	سچے	بتا ہمیں	سات	گائیں	موٹی ہیں

یوسف علیہ السلام! اے سچے شخص! ہمیں مطلب بتا سات فربہ گائیں

يَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَّسَبْعِ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ

يَّاْكُلُهُنَّ	سَبْعٌ	عِجَافٌ	وَّ	سَبْعِ	سُنْۢبُلٰتٍ	خُضْرٍ	وَّاُخَرَ
کھاتی ہیں ان کو	سات	دبلی	اور	سات	بالیاں	سبز	اور دوسری

جنہیں سات دبلی گائیں کھا جاتی ہیں اور سات سبز بالیوں کا

یٰبِسٰتٍ ۙ لَّعَلِّیْٓ اَرْجِعُ اِلَى النَّاسِ لَعَلَّهُمْ

یٰبِسٰتٍ	لَّعَلِّیْٓ	اَرْجِعُ	اِلَى	النَّاسِ	لَعَلَّهُمْ
سوکھی	تاکہ میں	لوٹوں	طرف	لوگوں کے	تاکہ وہ

اور دوسری خشک کا تاکہ میں لوگوں کے پاس واپس جاؤں تاکہ

یَعْلَمُوْنَ ﴿۴۶﴾ قَالَ تَزْرَعُوْنَ سَبْعَ سِنِیْنَ دَاَبًا ۚ

یَعْلَمُوْنَ	قَالَ	تَزْرَعُوْنَ	سَبْعَ	سِنِیْنَ	دَاَبًا
جانیں	کہا	کھیتی کرو گے تم	سات	سال	محنت سے

وہ جان لیں۔ فرمایا تم حسب عادت سات برس تک کھیتی کرو گے

فَمَا حَصَدْتُّمْ فَذَرُوْهُ فِیْ سُنْۢبُلِهٖٓ اِلَّا قَلِیْلًا مِّمَّا

فَمَا	حَصَدْتُّمْ	فَذَرُوْهُ	فِیْ سُنْۢبُلِهٖٓ	اِلَّا	قَلِیْلًا	مِّمَّا
پھر جو	کاٹو تم	تو چھوڑ دو تم اس کو	بالیوں میں	مگر	تھوڑا	اس میں سے

تو جو کھیتی تم کاٹو اسے اس کی بالی میں چھوڑ دو مگر تھوڑا

تَاْكُلُوْنَ ﴿۴۷﴾ ثُمَّ یَاْتِیْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ سَبْعٌ شِدَادٌ

تَاْكُلُوْنَ	ثُمَّ	یَاْتِیْ	مِنْۢ بَعْدِ	ذٰلِكَ	سَبْعٌ	شِدَادٌ
جو تم کھاؤ	پھر	آئیں گے	بعد	اس کے	سات سال	سخت

سا جتنا تم کھاؤ۔ اس کے بعد سات برس سخت آئیں گے وہ کھا جائیں گے

یَّاْكُلْنَ مَا قَدَّمْتُمْ لَهُنَّ اِلَّا قَلِیْلًا مِّمَّا

یَّاْكُلْنَ	مَا	قَدَّمْتُمْ	لَهُنَّ	اِلَّا	قَلِیْلًا	مِّمَّا
کھا جائیں گے	جو	جمع کیا تم نے	ان کے لیے	مگر	تھوڑا	اس سے جو

جو تم نے ان کیلئے پہلے جمع کر کے رکھا تھا مگر تھوڑا سا (بچ رہے گا)

تُحْصِنُوْنَ ﴿۴۸﴾ ثُمَّ يَاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَامٌ فِيْهِ

فِيْهِ	عَامٌ	ذٰلِكَ	مِنْۢ بَعْدِ	يَاْتِيْ	ثُمَّ	تُحْصِنُوْنَ
اس میں	ایک سال	اس کے	بعد	آئے گا	پھر	تم بچالو

جو تم محفوظ کر لو گے۔ پھر ان کے بعد ایک برس آئے گا جس میں لوگوں کو پر خوب بارش

يُغَاثُ النَّاسُ وَ فِيْهِ يَعْصِرُوْنَ ﴿۴۹﴾ وَ قَالَ الْمَلِكُ

الْمَلِكُ	قَالَ	وَ	يَعْصِرُوْنَ	فِيْهِ	وَ	النَّاسُ	يُغَاثُ
بادشاہ نے	کہا	اور	رس نچوڑیں گے	اس میں	اور	لوگوں پر	بارش ہوگی

برسے گی اور اس میں رس نچوڑیں گے۔ اور بادشاہ بولا کہ

ائْتُوْنِيْ بِهٖ ۚ فَلَمَّا جَآءَهُ الرَّسُوْلُ قَالَ ارْجِعْ اِلٰى

اِلٰى	ارْجِعْ	قَالَ	الرَّسُوْلُ	جَآءَهُ	فَلَمَّا	بِهٖ	ائْتُوْنِيْ
طرف	واپس جا	فرمایا	ایلچی	آیا اس کے پاس	پھر جب	اس کو	لاؤ تم میرے پاس

انہیں میرے پاس لے آؤ تو جب ان کے پاس قاصد آیا کہا اپنے بادشاہ کے

رَبِّكَ فَسْئَلْهُ مَا بَالُ النِّسْوَةِ الّٰتِيْ قَطَّعْنَ

قَطَّعْنَ	الّٰتِيْ	النِّسْوَةِ	بَالُ	مَا	فَسْئَلْهُ	رَبِّكَ
کاٹے	جنہوں نے	ان عورتوں کا	حال ہے	کیا	پھر پوچھ اس سے	اپنے بادشاہ کی

پاس پلٹ جاؤ پھر اس سے پوچھو کیا حال ہے ان عورتوں کا جنہوں نے اپنے

اَيْدِيَهُنَّ ؕ اِنَّ رَبِّيْ بِكَيْدِهِنَّ عَلِيْمٌ ﴿۵۰﴾ قَالَ مَا

مَا	قَالَ	عَلِيْمٌ	بِكَيْدِهِنَّ	رَبِّيْ	اِنَّ	اَيْدِيَهُنَّ
کیا	کہا	جاننے والا ہے	ان کا فریب	میرا رب	بیشک	اپنے ہاتھ

ہاتھ کاٹے تھے بے شک میرا رب ان کا فریب جانتا ہے۔ اس نے کہا

خَطْبُكُنَّ اِذْ رَاوَدْتُّنَّ يُوْسُفَ عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ قُلْنَ

قُلْنَ	عَنْ نَّفْسِهٖ	يُوْسُفَ	رَاوَدْتُّنَّ	اِذْ	خَطْبُكُنَّ
کہنے لگیں	اسے نفس سے	یوسف کو	پھسلایا تم نے	جب	حال تھ تمہارا

تمہارا کیا مقصد تھا جب تم نے یوسف علیہ السلام کو ورغلایا؟ وہ بولیں

حَاشَ لِلّٰهِ مَا عَلِمْنَا عَلَيْهِ مِنْ سُوْٓءٍ ؕ قَالَتِ امْرَاَتُ

امْرَاَتُ	قَالَتِ	سُوْٓءٍ	مِنْ	عَلَيْهِ	عَلِمْنَا	مَا	لِلّٰهِ	حَاشَ
عورت	بولی	برائی	کوئی	اس میں	پائی ہم نے	نہیں	اللہ	پاک ہے

اللہ کی پناہ ہم نے اس میں کوئی برائی معلوم نہیں کی

الْعَزِيْزِ الْـٰٔنَ حَصْحَصَ الْحَقُّ ؗ اَنَا رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ وَ

وَ	عَنْ نَّفْسِهٖ	رَاوَدْتُّهٗ	اَنَا	الْحَقُّ	حَصْحَصَ	الْـٰٔنَ	الْعَزِيْزِ
اور	اسکی جان سے	لبھایا تھا اسے	میں نے	حق	کھل گیا	اب	عزیز کی

عزیز مصر کی بیوی کہنے لگی اب حق ظاہر ہو گیا ہے میں نے اسے

اِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝۵۱ ذٰلِكَ لِيَعْلَمَ اَنِّيْ لَمْ اَخُنْهُ

اَنِّيْ لَمْ اَخُنْهُ	لِيَعْلَمَ	ذٰلِكَ	لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ	اِنَّهٗ
کہ میں نے اسکی خیانت نہیں کی	تاکہ جانے	یہ اس لیے	سچے لوگوں سے ہے	بیشک وہ

ورغلایا تھا اور بے شک وہ سچا ہے۔ (یوسف علیہ السلام نے کہا) یہ اس لئے کیا کہ وہ جان لے کہ میں نے

بِالْغَيْبِ وَاَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ كَيْدَ الْخَآئِنِيْنَ ۝۵۲

الْخَآئِنِيْنَ	كَيْدَ	يَهْدِيْ	لَا	اللّٰهَ	اَنَّ	وَ	بِالْغَيْبِ
دغابازوں کا	مکر	چلنے دیتا	نہیں	اللہ	بیشک	اور	پیٹھ پیچھے

چھپ کر اس سے دغا نہیں کیا اور یہ کہ اللہ دغا کرنے والوں کے فریب کو راہ پر نہیں ڈالتا۔

الجزء ۱۳

وَمَآ اُبَرِّئُ نَفْسِیْ ۚ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌۢ بِالسُّوْٓءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّیْ ؕ

رَبِّیْ	رَحِمَ	مَا	اِلَّا	بِالسُّوْٓءِ	لَاَمَّارَةٌ	النَّفْسَ	اِنَّ	نَفْسِیْ	مَآ اُبَرِّئُ	وَ
میرا رب	رحم کرے	جس پر	مگر	برائی کا	بڑا حکم دینے والا ہے	نفس	بیشک	اپنے نفس کو	میں بے قصور نہیں بتاتا	اور

اور میں اپنے نفس کی برأت نہیں کرتا بے شک نفس امارہ تو برائی کا بہت حکم دینے والا ہے لیکن جس پر میرا رب رحم فرمائے یقیناً میرا

اِنَّ رَبِّیْ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۵۳﴾ وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِیْ بِهٖٓ اَسْتَخْلِصْهُ

اَسْتَخْلِصْهُ	بِهٖ	ائْتُوْنِیْ	الْمَلِكُ	قَالَ	وَ	رَّحِیْمٌ	غَفُوْرٌ	رَبِّیْ	اِنَّ
میں چن لوں اسکو	اس کو	لاؤ میرے پاس	بادشاہ نے	کہا	اور	مہربان ہے	بخشنے والا	میرا رب	بیشک

رب بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے۔ اور بادشاہ نے کہا انہیں میرے پاس لے آؤ میں انہیں اپنے لئے خاص کرلوں تو

لِنَفْسِیْ ۚ فَلَمَّا كَلَّمَهٗ قَالَ اِنَّكَ الْیَوْمَ لَدَیْنَا مَكِیْنٌ اَمِیْنٌ ﴿۵۴﴾ قَالَ

قَالَ	اَمِیْنٌ	مَكِیْنٌ	لَدَیْنَا	الْیَوْمَ	اِنَّكَ	قَالَ	كَلَّمَهٗ	فَلَمَّا	لِنَفْسِیْ
فرمایا	امانت دار	مرتبے والا ہے	ہمارے پاس	آج کے دن سے	بیشک تو	کہا	بات کی اس سے	پھر جب	اپنے لیے

جب بادشاہ نے ان سے کلام کیا تو کہا کہ (اے یوسف علیہ السلام) بے شک آپ ہمارے ہاں آج معزز اور قابلِ اعتماد ہو۔ یوسف علیہ السلام

اجْعَلْنِیْ عَلٰى خَزَآئِنِ الْاَرْضِ ۚ اِنِّیْ حَفِیْظٌ عَلِیْمٌ ﴿۵۵﴾ وَكَذٰلِكَ

كَذٰلِكَ	وَ	عَلِیْمٌ	حَفِیْظٌ	اِنِّیْ	الْاَرْضِ	خَزَآئِنِ	عَلٰى	اجْعَلْنِیْ
اسی طرح ہم	اور	جاننے والا ہوں	حفاظت کرنے والا	بیشک میں	زمین کے	خزانوں کے	اوپر	مجھے کردے

نے فرمایا مجھے زمین کے خزانوں پر مقرر کر دے بیشک میں حفاظت کرنے والا علم والا ہوں۔ اور یوں

مَكَّنَّا لِیُوْسُفَ فِی الْاَرْضِ ۚ یَتَبَوَّاُ مِنْهَا حَیْثُ یَشَآءُ ؕ نُصِیْبُ

نُصِیْبُ	یَشَآءُ	حَیْثُ	مِنْهَا	یَتَبَوَّاُ	فِی الْاَرْضِ	لِیُوْسُفَ	مَكَّنَّا
پہنچاتے ہیں ہم	چاہتا	جہاں	اس سے	جگہ پکڑتا	زمین میں	یوسف کو	ہم نے قدرت بخشی

ہم نے یوسف علیہ السلام کو اس ملک پر اقتدار بخشا اس میں جہاں چاہے رہے

بِرَحۡمَتِنَا مَنۡ نَّشَآءُ وَلَا نُضِیۡعُ اَجۡرَ الۡمُحۡسِنِیۡنَ ﴿۵۶﴾ وَلَاَجۡرُ

بِرَحۡمَتِنَا	مَنۡ	نَّشَآءُ	وَ	لَا نُضِیۡعُ	اَجۡرَ	الۡمُحۡسِنِیۡنَ	وَلَاَجۡرُ
اپنی رحمت	جسے	چاہیں ہم	اور	ہم ضائع نہیں کرتے	اجر	نیکوں کا	اور یقیناً اجر

ہم اپنی رحمت جسے چاہیں پہنچائیں اور ہم نیک لوگوں کا اجر ضائع نہیں کرتے۔ اور آخرت کا

الۡاٰخِرَةِ خَیۡرٌ لِّلَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَكَانُوۡا یَتَّقُوۡنَ ﴿۵۷﴾ ع وَجَآءَ اِخۡوَةُ

الۡاٰخِرَةِ	خَیۡرٌ	لِّلَّذِیۡنَ	اٰمَنُوۡا	وَ	كَانُوۡا	یَتَّقُوۡنَ	وَجَآءَ	اِخۡوَةُ
آخرت کا	بہتر ہے	ان کے لیے	جو ایمان لائے	اور	ہے	پرہیزگار	اور آئے	بھائی

اجر ان لوگوں کیلئے زیادہ بہتر ہے جو ایمان لائے اور اللہ سے ڈرنے والے ہیں۔ اور یوسف علیہ السلام کے بھائی آئے

یُوۡسُفَ فَدَخَلُوۡا عَلَیۡهِ فَعَرَفَهُمۡ وَهُمۡ لَهٗ مُنۡكِرُوۡنَ ﴿۵۸﴾ وَلَمَّا

یُوۡسُفَ	فَدَخَلُوۡا	عَلَیۡهِ	فَعَرَفَهُمۡ	وَ	هُمۡ	لَهٗ	مُنۡكِرُوۡنَ	وَ	لَمَّا
یوسف کے	وہ داخل ہوئے	اس پر	پہچان لیا اس نے انکو	اور	وہ	اس کو	نہ پہچان پائے	اور	جب

اور جب ان کے پاس حاضر ہوئے تو انہوں نے انہیں پہچان لیا مگر وہ (بھائی) نہ پہچان سکے۔ اور جب

جَهَّزَهُمۡ بِجَهَازِهِمۡ قَالَ ائۡتُوۡنِیۡ بِاَخٍ لَّكُمۡ مِّنۡ اَبِیۡكُمۡ ج اَلَا تَرَوۡنَ

جَهَّزَهُمۡ	بِجَهَازِهِمۡ	قَالَ	ائۡتُوۡنِیۡ	بِاَخٍ لَّكُمۡ	مِّنۡ اَبِیۡكُمۡ	اَلَا	تَرَوۡنَ
مہیا کر دیا ان کو	ان کا سامان	کہا	لاؤ میرے پاس	بھائی اپنا	باپ کی طرف سے	کیا نہیں	دیکھتے تم

انہوں نے اپنے بھائیوں کا سامان تیار کر دیا تو فرمایا اپنے باپ کی طرف سے اپنے بھائی کو بھی میرے پاس لے آؤ کیا تم نہیں دیکھتے

اَنِّیۡۤ اُوۡفِی الۡكَیۡلَ وَاَنَا خَیۡرُ الۡمُنۡزِلِیۡنَ ﴿۵۹﴾ فَاِنۡ لَّمۡ تَاۡتُوۡنِیۡ بِهٖ فَلَا كَیۡلَ

اَنِّیۡۤ	اُوۡفِی	الۡكَیۡلَ	وَاَنَا	خَیۡرُ	الۡمُنۡزِلِیۡنَ	فَاِنۡ	لَّمۡ تَاۡتُوۡنِیۡ	بِهٖ	فَلَا	كَیۡلَ
کہ بیشک میں	پورا ماپتا ہوں	پیمانہ	اور میں	بہترین	مہمان نواز ہوں	پھر اگر	نہ لائے میرے پاس	اس کو	تو نہیں ہے	ماپ

کہ میں پورا ناپ دیتا ہوں اور میں بہترین مہمان نواز ہوں۔ تو اگر تم اسے میرے پاس نہ لائے تو میرے پاس تمہارے

لَكُمْ عِنْدِيْ وَلَا تَقْرَبُوْنِ ﴿٦٠﴾ قَالُوْا سَنُرَاوِدُ عَنْهُ اَبَاهُ وَاِنَّا

لَكُمْ	عِنْدِيْ	وَ	لَا	تَقْرَبُوْنِ	قَالُوْا	سَنُرَاوِدُ	عَنْهُ	اَبَاهُ	وَاِنَّا
تمہارے لئے	میرے پاس	اور	نہ	میرے قریب آنا	بولے	ہم کوشش کریں گے	اس کے متعلق	اسکے باپ سے	اور ہم یقیناً

لئے کوئی غلہ نہیں اور تم میرے قریب بھی نہ آنا۔ انہوں نے کہا ہم جلد ہی اس کے بارے میں اس کے باپ کو راضی کرنے کی کوشش

لَفٰعِلُوْنَ ﴿٦١﴾ وَقَالَ لِفِتْيٰنِهِ اجْعَلُوْا بِضَاعَتَهُمْ فِيْ رِحَالِهِمْ لَعَلَّهُمْ

لَفٰعِلُوْنَ	وَ	قَالَ	لِفِتْيٰنِهِ	اجْعَلُوْا	بِضَاعَتَهُمْ	فِيْ	رِحَالِهِمْ	لَعَلَّهُمْ
کرنیوالے ہیں	اور	کہا	اپنے غلاموں کو	رکھ دو	ان کی پونجی	میں	ان کی خرجیوں	تا کہ وہ

کریں گے اور یقیناً ہم (ایسا) کرنے والے ہیں۔ اور یوسف علیہ السلام نے اپنے غلاموں سے فرمایا کہ ان کا مال ان کے سامان میں

يَعْرِفُوْنَهَآ اِذَا انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓى اَهْلِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿٦٢﴾ فَلَمَّا رَجَعُوْٓا

يَعْرِفُوْنَهَآ	اِذَا	انْقَلَبُوْٓا	اِلٰٓى	اَهْلِهِمْ	لَعَلَّهُمْ	يَرْجِعُوْنَ	فَلَمَّا	رَجَعُوْٓا
پہچانیں اسکو	جب	پھریں وہ	طرف	اپنے گھر والوں کے	تا کہ وہ	واپس آئیں	پھر جب	لوٹ آئے

رکھ دو تا کہ جب وہ اپنے گھر والوں میں لوٹیں تو اس کو پہچان لیں شاید وہ پھر واپس آئیں۔ چنانچہ جب وہ اپنے

اِلٰٓى اَبِيْهِمْ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مُنِعَ مِنَّا الْكَيْلُ فَاَرْسِلْ مَعَنَآ اَخَانَا

اِلٰٓى اَبِيْهِمْ	قَالُوْا	يٰٓاَبَانَا	مُنِعَ	مِنَّا	الْكَيْلُ	فَاَرْسِلْ	مَعَنَآ	اَخَانَا
اپنے باپ کی طرف	بولے	اے ہمارے باپ	روک دیا گیا	ہم سے	ماپ	سو بھیج دیجئے	ہمارے ساتھ	ہمارے بھائی کو

باپ کے پاس پہنچے تو کہنے لگے اے ہمارے باپ! غلہ ہم سے روک لیا گیا ہے سو ہمارے بھائی کو ہمارے ساتھ بھیج

نَكْتَلْ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ﴿٦٣﴾ قَالَ هَلْ اٰمَنُكُمْ عَلَيْهِ اِلَّا كَمَآ اَمِنْتُكُمْ

نَكْتَلْ	وَاِنَّا	لَهٗ	لَحٰفِظُوْنَ	قَالَ	هَلْ	اٰمَنُكُمْ	عَلَيْهِ	اِلَّا	كَمَآ	اَمِنْتُكُمْ
ہم ناپ لائیں	اور بیشک ہم	اس کی	حفاظت کرینگے	فرمایا	کیا	میں اعتبار کروں تمہارا	اس سے	مگر	جیسے	میں نے اعتبار کیا تمہارا

دو کہ ہم غلہ لائیں اور ہم یقیناً اس کی حفاظت کریں گے۔ انہوں نے فرمایا کیا میں اس کے متعلق تم پر ویسے ہی اعتماد کرلوں جیسے

عَلٰۤى اَخِيْهِ مِنْ قَبْلُ ؕ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا ۪ وَّ هُوَ اَرْحَمُ

عَلٰۤى	اَخِيْهِ	مِنْ قَبْلُ	فَاللّٰهُ	خَيْرٌ	حٰفِظًا	وَّ	هُوَ	اَرْحَمُ
اوپر	اسکے بھائی کے	اس سے پہلے	پھر اللہ ہی	بہتر	نگہبان ہے	اور	وہ	بہترین

پہلے تمہارے بھائی کے متعلق تم پر اعتماد کیا تھا؟ مگر اللہ بہترین محافظ ہے اور وہ رحم کرنے والوں میں زیادہ

الرّٰحِمِيْنَ ﴿۶۴﴾ وَلَمَّا فَتَحُوْا مَتَاعَهُمْ وَجَدُوْا بِضَاعَتَهُمْ رُدَّتْ

الرّٰحِمِيْنَ	وَ	لَمَّا	فَتَحُوْا	مَتَاعَهُمْ	وَجَدُوْا	بِضَاعَتَهُمْ	رُدَّتْ
رحم کرنے والا ہے	اور	جب	کھولا انہوں نے	اپنا سامان	تو پائی انہوں نے	اپنی پونجی	کہ واپس کی گئی ہے

رحم کرنے والا ہے۔ اور جب انہوں نے اپنا سامان کھولا تو (اس میں) ان کا مال موجود ہے وہ بولے اے ہمارے باپ!

اِلَيْهِمْ ؕ قَالُوْا يٰۤاَبَانَا مَا نَبْغِيْ ؕ هٰذِهٖ بِضَاعَتُنَا رُدَّتْ اِلَيْنَا ۚ وَنَمِيْرُ

اِلَيْهِمْ	قَالُوْا	يٰۤاَبَانَا	مَا نَبْغِيْ	هٰذِهٖ	بِضَاعَتُنَا	رُدَّتْ	اِلَيْنَا	وَنَمِيْرُ
ان کی طرف	بولے	اے ہمارے باپ	ہم کیا چاہیں	یہ ہے	ہماری پونجی	واپس کی گئی	ہماری طرف	اور ہم غلہ لائینگے

(اب) ہم (اور) کیا چاہیں؟ یہ ہمارا مال ہے کہ ہمارے طرف لوٹا دیا گیا اور ہم اپنے گھر والوں کیلئے غلہ لائینگے اور اپنے

اَهْلَنَا وَنَحْفَظُ اَخَانَا وَنَزْدَادُ كَيْلَ بَعِيْرٍ ؕ ذٰلِكَ كَيْلٌ يَّسِيْرٌ ﴿۶۵﴾ قَالَ

اَهْلَنَا	وَنَحْفَظُ	اَخَانَا	وَنَزْدَادُ	كَيْلَ	بَعِيْرٍ	ذٰلِكَ	كَيْلٌ	يَّسِيْرٌ	قَالَ
گھر والوں کیلئے	اور حفاظت کرینگے	اپنے بھائی کی	اور زیادہ لائینگے	ماپ	ایک اونٹ کا	یہ ہے	ماپ	آسان	فرمایا

بھائی کی حفاظت کریں گے اور ایک اونٹ کا بوجھ زیادہ پائیں گے یہ تو بہت تھوڑی سی مقدار ہے۔ فرمایا میں

لَنْ اُرْسِلَهٗ مَعَكُمْ حَتّٰى تُؤْتُوْنِ مَوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ لَتَاْتُنَّنِيْ بِهٖۤ

لَنْ اُرْسِلَهٗ	مَعَكُمْ	حَتّٰى	تُؤْتُوْنِ	مَوْثِقًا	مِّنَ اللّٰهِ	لَتَاْتُنَّنِيْ	بِهٖۤ
میں کبھی نہ بھیجوں گا اسے	تمہارے ساتھ	یہاں تک کہ	دو تم مجھے	عہد	اللہ کا	کہ ضرور لاؤ گے تم میرے پاس	اس کو

ہرگز اسے تمہارے ساتھ نہ بھیجوں گا جب تک اللہ کی قسم کھا کر تم مجھے پختہ عہد نہ دو کہ تم اسے ضرور میرے پاس واپس لے آؤ گے

إِلَّآ أَن يُحَاطَ بِكُمْ ۖ فَلَمَّآ ءَاتَوْهُ مَوْثِقَهُمْ قَالَ ٱللَّهُ عَلَىٰ مَا نَقُولُ

إِلَّآ	أَن	يُحَاطَ	بِكُمْ	فَلَمَّآ	ءَاتَوْهُ	مَوْثِقَهُمْ	قَالَ	ٱللَّهُ	عَلَىٰ مَا	نَقُولُ
مگر	یہ کہ	گھیرے جاؤ	تم	پھر جب	دیا اس کو	اپنا عہد	کہا	اللہ	اس پر جو	ہم کہتے ہیں

مگر یہ کہ تمہیں گھیر لیا جائے پھر جب انہوں نے یعقوب علیہ السلام کو اپنا پختہ عہد دے دیا تو انہوں نے فرمایا اللہ نگہبان ہے اس پر

وَكِيلٌ ﴿٦٦﴾ وَقَالَ يَـٰبَنِىَّ لَا تَدْخُلُوا۟ مِنۢ بَابٍ وَٰحِدٍ وَٱدْخُلُوا۟ مِنْ أَبْوَٰبٍ

وَكِيلٌ	وَقَالَ	يَـٰبَنِىَّ	لَا	تَدْخُلُوا۟	مِنۢ بَابٍ	وَٰحِدٍ	وَٱدْخُلُوا۟	مِنْ أَبْوَٰبٍ
کارساز ہے	اور فرمایا	اے میرے بیٹو	نہ	داخل ہونا	دروازے	ایک سے	اور داخل ہونا	دروازوں سے

جو ہم کہہ رہے ہیں۔ اور فرمایا اے میرے بیٹو! ایک دروازے سے داخل نہ ہونا اور جدا جدا دروازوں

مُّتَفَرِّقَةٍ ۖ وَمَآ أُغْنِى عَنكُم مِّنَ ٱللَّهِ مِن شَىْءٍ ۖ إِنِ

مُّتَفَرِّقَةٍ	وَ	مَآ	أُغْنِى	عَنكُم	مِّنَ ٱللَّهِ	مِن شَىْءٍ	إِنِ
جدا جدا	اور	نہیں	بچا سکتا میں	تم کو	اللہ سے	کچھ بھی	نہیں ہے

سے جانا میں تمہیں اللہ سے بچا نہیں سکتا حکم تو سب اللہ ہی کا ہے میں نے

ٱلْحُكْمُ إِلَّا لِلَّهِ ۖ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۖ وَعَلَيْهِ فَلْيَتَوَكَّلِ ٱلْمُتَوَكِّلُونَ ﴿٦٧﴾

ٱلْحُكْمُ	إِلَّا	لِلَّهِ	عَلَيْهِ	تَوَكَّلْتُ	وَعَلَيْهِ	فَلْيَتَوَكَّلِ	ٱلْمُتَوَكِّلُونَ
حکم	مگر	اللہ کا	اسی پر	میں نے توکل کیا	اور اسی پر	بھروسہ کریں	بھروسہ کرنیوالے

اسی پر بھروسہ کیا اور بھروسہ کرنے والوں کو اسی پر بھروسہ کرنا چاہیے۔

وَلَمَّا دَخَلُوا۟ مِنْ حَيْثُ أَمَرَهُمْ أَبُوهُم مَّا كَانَ يُغْنِى عَنْهُم

وَ	لَمَّا	دَخَلُوا۟	مِنْ حَيْثُ	أَمَرَهُمْ	أَبُوهُم	مَا	كَانَ	يُغْنِى	عَنْهُم
اور	جب	داخل ہوئے	جہاں سے	ان کو حکم دیا تھا	ان کے باپ نے	نہیں	تھا	بچا سکتا	ان سے

اور جب وہ داخل ہوئے جہاں سے ان کے باپ نے حکم دیا تھا اگرچہ باپ کی حکمت و تدبیر

مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَیْءٍ اِلَّا حَاجَةً فِیْ نَفْسِ یَعْقُوْبَ قَضٰىهَا ؕ وَ اِنَّهٗ

مِّنَ اللّٰهِ	مِنْ شَیْءٍ	اِلَّا	حَاجَةً	فِیْ نَفْسِ یَعْقُوْبَ	قَضٰىهَا	وَ	اِنَّهٗ
اللہ سے	کچھ بھی	مگر	ایک خواہش تھی	یعقوب کے جی کی	جو پوری کر لی اس نے	اور	بیشک وہ

اللہ کا حکم نہیں ٹال سکتی تھی ہاں یعقوب علیہ السلام کے جی کی ایک خواہش تھی جو اس نے پوری کر لی اور بے شک

لَذُوْ عِلْمٍ لِّمَا عَلَّمْنٰهُ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ ۠(۶۸) وَ لَمَّا دَخَلُوْا

ع

لَذُوْ	عِلْمٍ	لِّمَا	عَلَّمْنٰهُ	وَ لٰكِنَّ	اَكْثَرَ	النَّاسِ	لَا یَعْلَمُوْنَ	وَ	لَمَّا	دَخَلُوْا
صاحب	علم ہے	جو	ہم نے اس کو سکھایا	اور لیکن	اکثر	لوگ	نہیں جانتے	اور	جب	داخل ہوئے

وہ ہماری دی ہوئی تعلیم سے صاحب علم ہیں مگر اکثر لوگ نہیں جانتے۔ اور جب وہ یوسف علیہ السلام کے

عَلٰی یُوْسُفَ اٰوٰۤی اِلَیْهِ اَخَاهُ قَالَ اِنِّیْۤ اَنَا اَخُوْكَ فَلَا تَبْتَىٕسْ بِمَا

عَلٰی	یُوْسُفَ	اٰوٰی	اِلَیْهِ	اَخَاهُ	قَالَ	اِنِّیْ	اَنَا	اَخُوْكَ	فَلَا	تَبْتَىٕسْ	بِمَا
اوپر	یوسف کے	جگہ دی	اپنے پاس	اپنے بھائی کو	فرمایا	بیشک میں	میں ہی	تیرا بھائی ہوں	سو نہ	غم کھا	اسکا جو

پاس حاضر ہوئے تو انہوں نے اپنے بھائی کو اپنے پاس جگہ دی فرمایا میں ہی تیرا بھائی ہوں سو جو کچھ یہ کرتے رہے ہیں

كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ (۶۹) فَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ جَعَلَ السِّقَایَةَ فِیْ رَحْلِ

كَانُوْا	یَعْمَلُوْنَ	فَلَمَّا	جَهَّزَهُمْ	بِجَهَازِهِمْ	جَعَلَ	السِّقَایَةَ	فِیْ رَحْلِ
وہ تھے	کرتے	پھر جب	مہیا کر دیا ان کو	ان کا سامان	رکھ دیا	پیالہ	بورے میں

اسکا افسوس نہ کرنا۔ پھر جب وہ ان کا سامان تیار کر چکے تو اس نے پانی کا پیالہ اپنے بھائی کی بوری میں

اَخِیْهِ ثُمَّ اَذَّنَ مُؤَذِّنٌ اَیَّتُهَا الْعِیْرُ اِنَّكُمْ لَسٰرِقُوْنَ (۷۰) قَالُوْا

اَخِیْهِ	ثُمَّ	اَذَّنَ	مُؤَذِّنٌ	اَیَّتُهَا	الْعِیْرُ	اِنَّكُمْ	لَسٰرِقُوْنَ	قَالُوْا
اپنے بھائی کے	پھر	آواز دی	آواز دینے والے نے	اے	قافلے والو	یقیناً تم	چور ہو	بولے

رکھوا دیا پھر ایک اعلان کرنے والے نے اعلان کیا اے قافلہ والو! تم تو چور ہو۔ وہ ان کیطرف

وَاَقۡبَلُوۡا عَلَیۡہِمۡ مَّاذَا تَفۡقِدُوۡنَ ﴿۷۱﴾ قَالُوۡا نَفۡقِدُ صُوَاعَ الۡمَلِكِ

الۡمَلِكِ	صُوَاعَ	نَفۡقِدُ	قَالُوۡا	تَفۡقِدُوۡنَ	مَّاذَا	عَلَیۡہِمۡ	اَقۡبَلُوۡا	وَ
بادشاہ کا	پیمانہ	ہم گم پاتے ہیں	بولے	گم پاتے ہو	کیا	ان پر	متوجہ ہوئے	اور

متوجہ ہو کر بولے تمہاری کیا چیز گم ہو گئی؟ وہ بولے ہم بادشاہ کا پیالہ نہیں پاتے اور جو اسے (ڈھونڈ کر) لائے

وَلِمَنۡ جَآءَ بِہٖ حِمۡلُ بَعِیۡرٍ وَّاَنَا بِہٖ زَعِیۡمٌ ﴿۷۲﴾ قَالُوۡا تَاللّٰہِ لَقَدۡ

لَقَدۡ	تَاللّٰہِ	قَالُوۡا	زَعِیۡمٌ	بِہٖ	وَّاَنَا	بَعِیۡرٍ	حِمۡلُ	بِہٖ	جَآءَ	وَلِمَنۡ
یقیناً	خدا کی قسم	بولے	ضامن ہوں	اس کا	اور میں	ایک اونٹ کا	بوجھ ہے	اسکو	لائے گا	اور جو آدمی

اس کیلئے ایک اونٹ غلہ کا (انعام) ہے اور میں اس کا ذمہ دار ہوں۔ بولے خدا کی قسم تمہیں خوب معلوم ہے

عَلِمۡتُمۡ مَّا جِئۡنَا لِنُفۡسِدَ فِی الۡاَرۡضِ وَمَا کُنَّا سٰرِقِیۡنَ ﴿۷۳﴾ قَالُوۡا فَمَا

فَمَا	قَالُوۡا	سٰرِقِیۡنَ	کُنَّا	مَا	وَ	فِی الۡاَرۡضِ	لِنُفۡسِدَ	مَّا جِئۡنَا	عَلِمۡتُمۡ
پھر کیا	بولے	چور	ہم	نہیں	اور	زمین میں	کہ فساد کرتے پھریں	ہم نہیں آئے	تم نے جانا کہ

کہ ہم زمین میں فساد کرنے نہیں آئے اور نہ ہم چور ہیں۔ بولے پھر کیا

جَزَآؤُہٗۤ اِنۡ کُنۡتُمۡ کٰذِبِیۡنَ ﴿۷۴﴾ قَالُوۡا جَزَآؤُہٗ مَنۡ وُّجِدَ فِیۡ رَحۡلِہٖ

فِیۡ رَحۡلِہٖ	وُّجِدَ	مَنۡ	جَزَآؤُہٗ	قَالُوۡا	کٰذِبِیۡنَ	کُنۡتُمۡ	اِنۡ	جَزَآؤُہٗ
اسکے بورے میں	پایا جائے	وہ ہے جو	اس کا بدلہ	بولے	جھوٹے	ہو تم	اگر	بدلہ ہے اس کا

سزا ہے اس کی اگر تم جھوٹے ہوئے۔ انہوں نے کہا! جس کے سامان میں وہ پیالہ نکلے وہی اس کا بدلہ

فَہُوَ جَزَآؤُہٗ ؕ کَذٰلِكَ نَجۡزِی الظّٰلِمِیۡنَ ﴿۷۵﴾ فَبَدَاَ بِاَوۡعِیَتِہِمۡ قَبۡلَ

قَبۡلَ	بِاَوۡعِیَتِہِمۡ	فَبَدَاَ	الظّٰلِمِیۡنَ	نَجۡزِی	کَذٰلِكَ	جَزَآؤُہٗ	فَہُوَ
پہلے	ان کے خرجیوں سے	پھر شروع کیا	ظالموں کو	بدلہ دیتے ہیں ہم	اسی طرح	اس کا بدلہ ہے	تو وہی

قرار دیا جائے۔ اور ہمارے یہاں ظالموں کی سزا کا یہی دستور ہے۔ تو یوسف علیہ السلام نے ان کے غلے کی بوریوں کی

وِعَآءِ اَخِيۡهِ ثُمَّ اسۡتَخۡرَجَهَا مِنۡ وِّعَآءِ اَخِيۡهِ‌ ؕ كَذٰلِكَ كِدۡنَا

كِدۡنَا	كَذٰلِكَ	اَخِيۡهِ	مِنۡ وِّعَآءِ	اسۡتَخۡرَجَهَا	ثُمَّ	اَخِيۡهِ	وِعَآءِ
تدبیر کی ہم	اسی طرح	اپنے بھائی کے	خرجی سے	نکالا اس کو	پھر	اپنے بھائی کے	خرجی سے

تلاشی شروع کی اپنے (سگے) بھائی کی بوری سے پہلے پھر اس میں سے پیالے کو نکال لیا ہم نے اسی طرح

لِيُوۡسُفَ‌ ؕ مَا كَانَ لِيَاۡخُذَ اَخَاهُ فِىۡ دِيۡنِ الۡمَلِكِ اِلَّاۤ اَنۡ يَّشَآءَ

يَّشَآءَ	اَنۡ	اِلَّاۤ	فِىۡ دِيۡنِ الۡمَلِكِ	اَخَاهُ	لِيَاۡخُذَ	كَانَ	مَا	لِيُوۡسُفَ
چاہے	یہ کہ	مگر	شاہی قانون میں	اپنے بھائی کو	کہ لے لے	تھا	نہیں	یوسف کے لیے

یوسف ؑ کو تدبیر بتائی وہ اپنے بھائی کو شاہی قانون کی رو سے نہ لے سکتے تھے مگر یہ کہ اللہ چاہے

اللّٰهُ‌ ؕ نَرۡفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنۡ نَّشَآءُ‌ ؕ وَفَوۡقَ كُلِّ ذِىۡ عِلۡمٍ عَلِيۡمٌ ﴿۷۶﴾ قَالُوۡۤا

قَالُوۡۤا	عَلِيۡمٌ	ذِىۡ عِلۡمٍ	كُلِّ	فَوۡقَ	وَ	نَّشَآءُ	مَّنۡ	دَرَجٰتٍ	نَرۡفَعُ	اللّٰهُ
بولے	علم والا ہے	علم والے	ہر ایک	اوپر	اور	چاہیں	جس کے	درجے	بلند کرتے ہیں	اللہ

ہم جسے چاہیں درجوں میں بلند کر دیں اور ہر علم والے سے اوپر (ایک) علم والا ہے۔ بھائیوں نے کہا

اِنۡ يَّسۡرِقۡ فَقَدۡ سَرَقَ اَخٌ لَّهٗ مِنۡ قَبۡلُ‌ ۚ فَاَسَرَّهَا يُوۡسُفُ فِىۡ نَفۡسِهٖ

فِىۡ نَفۡسِهٖ	يُوۡسُفُ	فَاَسَرَّهَا	مِنۡ قَبۡلُ	اَخٌ لَّهٗ	سَرَقَ	فَقَدۡ	يَّسۡرِقۡ	اِنۡ
اپنے دل میں	یوسف نے	تو چھپایا اس کو	پہلے	اسکے بھائی نے بھی	چوری کی تھی	تو بیشک	اس نے چوری کی ہے	اگر

اگر یہ چوری کرے تو (تعجب نہیں کہ) بے شک اس کا بھائی (بھی) اس سے پہلے چوری کر چکا ہے تو یوسف علیہ السلام نے اس بات کو

وَلَمۡ يُبۡدِهَا لَهُمۡ‌ ۚ قَالَ اَنۡتُمۡ شَرٌّ مَّكَانًا‌ ۚ وَاللّٰهُ اَعۡلَمُ بِمَا

بِمَا	اَعۡلَمُ	اللّٰهُ	وَ	شَرٌّ مَّكَانًا	اَنۡتُمۡ	قَالَ	لَهُمۡ	يُبۡدِهَا	وَلَمۡ
جو کچھ	خوب جانتا ہے	اللہ	اور	بدتر جگہ ہو	تم	فرمایا	انکے سامنے	ظاہر کیا اس کو	اور نہ

اپنے دل میں چھپایا اور وہ ان پر ظاہر نہ ہونے دیا یوسف علیہ السلام نے (دل میں) کہا تم بہت برے مقام پر ہو اور اللہ خوب جانتا ہے جو

تَصِفُوْنَ ﴿۷۷﴾ قَالُوْا یٰۤاَیُّهَا الْعَزِیْزُ اِنَّ لَهٗۤ اَبًا شَیْخًا كَبِیْرًا فَخُذْ

فَخُذْ	كَبِیْرًا	شَیْخًا	اَبًا	لَهٗۤ	اِنَّ	الْعَزِیْزُ	یٰۤاَیُّهَا	قَالُوْا	تَصِفُوْنَ
سو تو لے لے	بوڑھا	بڑا ہی	باپ ہے	اس کا	بیشک	عزیز	اے	بولے	تم بیان کرتے ہو

تم بیان کر رہے ہو انہوں نے کہا اے عزیز! بے شک اس کے والد بہت بوڑھے ہیں تو اس کی جگہ ہم میں سے

اَحَدَنَا مَكَانَهٗ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۷۸﴾ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اَنْ

اَنْ	اللّٰهِ	مَعَاذَ	قَالَ	مِنَ الْمُحْسِنِیْنَ	نَرٰىكَ	اِنَّا	مَكَانَهٗ	اَحَدَنَا
یہ کہ	خدا کی	پناہ	فرمایا	نیک لوگوں سے	ہم دیکھتے ہیں تجھے	بیشک	اس کی جگہ	ہم میں سے ایک کو

کسی کو لے لو بے شک ہم آپ کو احسان کرنے والوں میں سے دیکھ رہے ہیں۔ یوسف علیہ السلام نے فرمایا! اللہ کی پناہ کہ

نَّاْخُذَ اِلَّا مَنْ وَّجَدْنَا مَتَاعَنَا عِنْدَهٗۤ ۙ اِنَّاۤ اِذًا لَّظٰلِمُوْنَ ﴿۷۹﴾ ع فَلَمَّا

فَلَمَّا	لَّظٰلِمُوْنَ	اِذًا	اِنَّاۤ	عِنْدَهٗۤ	مَتَاعَنَا	وَّجَدْنَا	مَنْ	اِلَّا	نَّاْخُذَ
پھر جب	یقیناً ظالم ہوں گے	اس وقت	بیشک ہم	اسکے پاس	اپنا سامان	کہ پایا ہم نے	اس کو	مگر	پکڑیں ہم

ہم اس کی جگہ کسی اور کو پکڑیں جس کے پاس ہمارا سامان پایا گیا ہے۔ ورنہ ہم بڑے بے انصاف ہوں گے۔ پھر جب

اسْتَیْــٴَسُوْا مِنْهُ خَلَصُوْا نَجِیًّا ؕ قَالَ كَبِیْرُهُمْ اَلَمْ تَعْلَمُوْۤا اَنَّ اَبَاكُمْ

اَبَاكُمْ	اَنَّ	تَعْلَمُوْۤا	اَلَمْ	كَبِیْرُهُمْ	قَالَ	نَجِیًّا	خَلَصُوْا	مِنْهُ	اسْتَیْــٴَسُوْا
تمہارے باپ نے	بیشک	جانا تم نے	کیا نہیں	ان کا بڑا	بولا	مشورہ کے لیے	علیحدہ ہوئے	اس سے	ناامید ہو گئے وہ

اس سے ناامید ہوئے الگ جا کر سرگوشی کرنے لگے ان کا بڑا بھائی بولا کیا تمھیں خبر نہیں کہ تمہارے

قَدْ اَخَذَ عَلَیْكُمْ مَّوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ وَ مِنْ قَبْلُ مَا فَرَّطْتُّمْ فِیْ یُوْسُفَ ۚ

فِیْ یُوْسُفَ	فَرَّطْتُّمْ	مَا	مِنْ قَبْلُ	وَ	مِّنَ اللّٰهِ	مَّوْثِقًا	عَلَیْكُمْ	اَخَذَ	قَدْ
یوسف کے متعلق	کوتاہی کی تم نے	جو	پہلے	اور	اللہ کا	عہد	تم سے	لیا	یقیناً

باپ نے تم سے اللہ کا عہد لیا تھا اور اس سے پہلے یوسف علیہ السلام کے حق میں تم نے کیسی زیادتی

فَلَنْ اَبْرَحَ الْاَرْضَ حَتّٰى يَاْذَنَ لِيْٓ اَبِيْٓ اَوْ يَحْكُمَ اللّٰهُ

فَلَنْ اَبْرَحَ	الْاَرْضَ	حَتّٰى	يَاْذَنَ	لِيْٓ	اَبِيْٓ	اَوْ	يَحْكُمَ	اللّٰهُ
سو میں نہ ٹلوں گا	زمین سے	یہاں تک کہ	اجازت دے	مجھے	میرا باپ	یا	حکم دے	اللہ

کہ تو میں یہاں سے نہیں ٹلوں گا جب تک کہ میرے باپ اجازت دیں یا اللہ مجھے فیصلہ فرمائے

لِيْ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿٨٠﴾ اِرْجِعُوْٓا اِلٰٓى اَبِيْكُمْ فَقُوْلُوْا يٰٓاَبَانَآ اِنَّ

لِيْ	وَهُوَ	خَيْرُ	الْحٰكِمِيْنَ	اِرْجِعُوْٓا	اِلٰٓى	اَبِيْكُمْ	فَقُوْلُوْا	يٰٓاَبَانَآ	اِنَّ
مجھ کو	اور وہ ہے	بہتر	حکم دینے والا	لوٹ جاؤ	طرف	اپنے باپ کی	پھر کہو	اے ہمارے باپ	بیشک

اور اس کا حکم سب سے بہتر ہے۔ اپنے باپ کے پاس لوٹ جاؤ اور کہو اے ہمارے باپ! تیرے بیٹے نے چوری کی ہے

ابْنَكَ سَرَقَ ۚ وَمَا شَهِدْنَآ اِلَّا بِمَا عَلِمْنَا وَمَا كُنَّا لِلْغَيْبِ

ابْنَكَ	سَرَقَ	وَ	مَا	شَهِدْنَآ	اِلَّا	بِمَا	عَلِمْنَا	وَ	مَا	كُنَّا	لِلْغَيْبِ
تیرے بیٹے نے	چوری کی	اور	نہیں	گواہی دی ہم نے	مگر	جو	ہم نے جانا	اور	نہیں	تھے ہم	غیب کی

اور ہم نے صرف اس بات کی یقین دہانی کرائی تھی جو ہم جانتے تھے اور ہم چھپی باتوں کے

حٰفِظِيْنَ ﴿٨١﴾ وَسْـَٔلِ الْقَرْيَةَ الَّتِيْ كُنَّا فِيْهَا وَالْعِيْرَ الَّتِيْٓ اَقْبَلْنَا

حٰفِظِيْنَ	وَسْـَٔلِ	الْقَرْيَةَ	الَّتِيْ	كُنَّا	فِيْهَا	وَ	الْعِيْرَ	الَّتِيْٓ	اَقْبَلْنَا
نگرانی کرنے والے	اور پوچھیے	بستی سے	جس میں	تھے ہم	اس میں	اور	قافلہ	اس سے جو	آئے ہم

نگہبان نہ تھے۔ اور اس بستی سے جن میں ہم تھے اور اس قافلے سے جس میں ہم آئے ہیں

فِيْهَا ۭ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿٨٢﴾ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ۭ

فِيْهَا	وَ	اِنَّا	لَصٰدِقُوْنَ	قَالَ	بَلْ	سَوَّلَتْ	لَكُمْ	اَنْفُسُكُمْ	اَمْرًا
اس میں	اور	یقیناً ہم	بیشک سچے ہیں	فرمایا	بلکہ	بنالیا ہے	تمہارے لیے	تمہاری جانوں نے	ایک حیلہ

پوچھ لیں اور ہم ضرور سچے ہیں۔ یعقوب علیہ السلام نے فرمایا (ایسا نہیں) بلکہ تمہارے نفسوں نے یہ بات تمہارے لیے مزین کر

فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ؕ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِيَنِىْ بِهِمْ جَمِيْعًا ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ

فَصَبْرٌ	جَمِيْلٌ	عَسَى	اللّٰهُ	اَنْ	يَّاْتِيَنِىْ	بِهِمْ	جَمِيْعًا	اِنَّهٗ	هُوَ	الْعَلِيْمُ
تو صبر ہی	اچھا ہے	قریب ہے کہ	اللہ	یہ کہ	لے آئے ان کو	میرے پاس	سب کو	بیشک وہ	وہی ہے	جاننے والا

دی ہے تو (اب میرے لئے) صبر (ہی) اچھا ہے قریب ہے کہ اللہ ان سب کو میرے پاس لے آئے بیشک وہی سب کچھ جاننے

الْحَكِيْمُ ﴿۸۳﴾ وَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰۤاَسَفٰى عَلٰى يُوْسُفَ وَابْيَضَّتْ

الْحَكِيْمُ	وَ	تَوَلّٰى	عَنْهُمْ	وَ	قَالَ	يٰۤاَسَفٰى	عَلٰى	يُوْسُفَ	وَ	ابْيَضَّتْ
حکمت والا	اور	منہ پھیرا	ان سے	اور	کہا	اے افسوس	اوپر	یوسف کے	اور	سفید ہوگئیں

والا بڑی حکمت والا ہے۔ اور ان سے منہ پھیر لیا اور فرمایا ہائے افسوس یوسف علیہ السلام (کے فراق) پر اور غم کی وجہ سے ان کی

عَيْنٰهُ مِنَ الْحُزْنِ فَهُوَ كَظِيْمٌ ﴿۸۴﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ تَفْتَؤُا تَذْكُرُ يُوْسُفَ

عَيْنٰهُ	مِنَ الْحُزْنِ	فَهُوَ	كَظِيْمٌ	قَالُوْا	تَاللّٰهِ	تَفْتَؤُا	تَذْكُرُ	يُوْسُفَ
اسکی آنکھیں	غم کی وجہ سے	سو وہ	غم کا بھرا ہوا تھا	بولے	خدا کی قسم	آپ ہمیشہ	یاد کرتے رہیں گے	یوسف کو

آنکھیں سفید ہوگئیں تو وہ اپنے غم کو ضبط کرتے رہے۔ بولے خدا کی قسم آپ ہمیشہ یوسف علیہ السلام کی یاد کرتے رہیں گے

حَتّٰى تَكُوْنَ حَرَضًا اَوْ تَكُوْنَ مِنَ الْهٰلِكِيْنَ ﴿۸۵﴾ قَالَ اِنَّمَاۤ اَشْكُوْا

حَتّٰى	تَكُوْنَ	حَرَضًا	اَوْ	تَكُوْنَ	مِنَ الْهٰلِكِيْنَ	قَالَ	اِنَّمَاۤ	اَشْكُوْا
یہاں تک کہ	ہو جاؤ تم	بوڑھے	یا	ہو جائیں	ہلاک ہونیوالوں میں سے	فرمایا	سوائے اسکے نہیں کہ	میں شکوہ کرتا ہوں

یہاں تک کہ ہلاکت کے قریب ہو جائیں یا ہلاک ہونے والوں میں سے ہو جائیں۔ فرمایا میں تو اپنی پریشانی

بَثِّىْ وَحُزْنِىْۤ اِلَى اللّٰهِ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۶﴾ يٰبَنِىَّ

بَثِّىْ	وَحُزْنِىْۤ	اِلَى اللّٰهِ	وَاَعْلَمُ	مِنَ اللّٰهِ	مَا	لَا	تَعْلَمُوْنَ	يٰبَنِىَّ
اپنے اندوہ	اور اپنے غم کا	اللہ کی طرف	اور میں جانتا ہوں	اللہ سے	جو	نہیں	جانتے تم	اے میرے بیٹو

اور غم کی فریاد اللہ ہی سے کرتا ہوں اور مجھے اللہ کی جانب سے وہ باتیں معلوم ہیں جو تم نہیں جانتے۔ میرے بیٹو! جاؤ

اذْهَبُوْا فَتَحَسَّسُوْا مِنْ يُّوْسُفَ وَاَخِيْهِ وَلَا تَايْـَٔسُوْا مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ

مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ	تَايْـَٔسُوْا	لَا	وَ	اَخِيْهِ	وَ	مِنْ يُّوْسُفَ	فَتَحَسَّسُوْا	اذْهَبُوْا
اللہ کی رحمت سے	مایوس ہو	نہ	اور	اس کے بھائی کو	اور	یوسف کو	تلاش کرو	جاؤ

اور یوسف علیہ السلام اور اس کے بھائی کو تلاش کرو اور اللہ کی رحمت سے ناامید نہ ہونا

اِنَّهٗ لَا يَايْـَٔسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۷﴾ فَلَمَّا

فَلَمَّا	الْكٰفِرُوْنَ	الْقَوْمُ	اِلَّا	مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ	يَايْـَٔسُ	لَا	اِنَّهٗ
پھر جب	کافروں کی	قوم	مگر	اللہ کی رحمت سے	مایوس ہوتی	نہیں	بیشک

اللہ کی رحمت سے کافر لوگوں کے سوا کوئی ناامید نہیں ہوتا۔ پھر جب

دَخَلُوْا عَلَيْهِ قَالُوْا يٰۤاَيُّهَا الْعَزِيْزُ مَسَّنَا وَاَهْلَنَا الضُّرُّ وَجِئْنَا

وَجِئْنَا	الضُّرُّ	وَاَهْلَنَا	مَسَّنَا	الْعَزِيْزُ	يٰۤاَيُّهَا	قَالُوْا	عَلَيْهِ	دَخَلُوْا
اور لائے ہم	تکلیف	اور ہمارے گھر والوں کو	پہنچی ہمیں	عزیز	اے	بولے	اس پر	داخل ہوئے

وہ اس کے پاس حاضر ہوئے تو کہنے لگے اے عزیز مصر! ہمیں اور ہمارے گھر والوں کو

بِبِضَاعَةٍ مُّزْجٰىةٍ فَاَوْفِ لَنَا الْكَيْلَ وَتَصَدَّقْ عَلَيْنَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ

اللّٰهَ	اِنَّ	عَلَيْنَا	وَتَصَدَّقْ	الْكَيْلَ	لَنَا	فَاَوْفِ	مُّزْجٰىةٍ	بِبِضَاعَةٍ
اللہ	یقیناً	ہم پر	اور صدقہ کرو	ماپ	ہم کو	سو پورا دو	بے قدر	پونجی

تکلیف پہنچی ہے اور ہم حقیر سا مال لائے ہیں سو ہمیں پورا غلہ دیں اور ہمیں صدقہ بھی دے بے شک اللہ

يَجْزِى الْمُتَصَدِّقِيْنَ ﴿۸۸﴾ قَالَ هَلْ عَلِمْتُمْ مَّا فَعَلْتُمْ بِيُوْسُفَ

بِيُوْسُفَ	فَعَلْتُمْ	مَّا	عَلِمْتُمْ	هَلْ	قَالَ	الْمُتَصَدِّقِيْنَ	يَجْزِى
یوسف	کیا تھا تم نے	کہ کیا	تم جانتے ہو	کیا	کہا	صدقہ کرنیوالوں کو	جزا دیتا ہے

صدقہ دینے والوں کو بدلہ دیتا ہے۔ یوسف علیہ السلام نے فرمایا کیا تم جانتے ہو تم نے یوسف علیہ السلام اور اس کے

وَاَخِيْهِ اِذْ اَنْتُمْ جٰهِلُوْنَ ﴿۸۹﴾ قَالُوْٓا ءَاِنَّكَ لَاَنْتَ يُوْسُفُ ؕ قَالَ اَنَا

وَ	اَخِيْهِ	اِذْ	اَنْتُمْ	جٰهِلُوْنَ	قَالُوْٓا	ءَاِنَّكَ	لَاَنْتَ	يُوْسُفُ	قَالَ	اَنَا
اور	اسکے بھائی سے	جب	تم	نادان تھے	بولے	کیا تو	تو ہی ہے	یوسف	فرمایا	میں ہی

بھائی کے ساتھ کیا کیا جب تم نادان تھے۔ وہ بولے کیا واقعی تم ہی یوسف ہو؟ فرمایا میں یوسف ہوں

يُوْسُفُ وَهٰذَآ اَخِيْ ۫ قَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا ؕ اِنَّهٗ مَنْ يَّتَّقِ وَيَصْبِرْ

يُوْسُفُ	وَ	هٰذَآ	اَخِيْ	قَدْ	مَنَّ	اللّٰهُ	عَلَيْنَا	اِنَّهٗ	مَنْ	يَّتَّقِ	وَ	يَصْبِرْ
یوسف ہوں	اور	یہ	میرا بھائی ہے	بیشک	احسان کیا	اللہ نے	ہم پر	یقیناً	جو آدمی	پرہیزگار ہو	اور	صبر کرے تو

اور یہ میرا بھائی ہے بے شک اللہ نے ہم پر احسان فرمایا بے شک جو اللہ سے ڈرے اور صبر کرے تو یقیناً

فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۹۰﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ اٰثَرَكَ اللّٰهُ

فَاِنَّ	اللّٰهَ	لَا	يُضِيْعُ	اَجْرَ	الْمُحْسِنِيْنَ	قَالُوْا	تَاللّٰهِ	لَقَدْ	اٰثَرَكَ	اللّٰهُ
یقیناً	اللہ	نہیں	ضائع کرتا	اجر	نیکی کرنے والوں کا	بولے	خدا کی قسم	بیشک	چن لیا تجھے	اللہ نے

اللہ نیکی کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتا۔ بولے خدا کی قسم بے شک اللہ نے آپ کو ہم پر

عَلَيْنَا وَاِنْ كُنَّا لَخٰطِـِٕيْنَ ﴿۹۱﴾ قَالَ لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ ؕ يَغْفِرُ

عَلَيْنَا	وَ	اِنْ	كُنَّا	لَخٰطِـِٕيْنَ	قَالَ	لَا	تَثْرِيْبَ	عَلَيْكُمُ	الْيَوْمَ	يَغْفِرُ
ہم پر	اور	بیشک	ہم ہی تھے	خطا کار	فرمایا	کوئی	گرفت نہیں	تم پر	آج کے دن	بخشے

فضیلت دی اور بے شک ہم خطا کار تھے۔ فرمایا آج تم پر کچھ ملامت نہیں اللہ تمہیں معاف کرے

اللّٰهُ لَكُمْ ۫ وَهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۹۲﴾ اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ

اللّٰهُ	لَكُمْ	وَ	هُوَ	اَرْحَمُ	الرّٰحِمِيْنَ	اِذْهَبُوْا	بِقَمِيْصِيْ	هٰذَا	فَاَلْقُوْهُ
اللہ	تم کو	اور	وہ ہے	سب سے بڑھ کر	رحم کرنے والا	لے جاؤ	میرا کرتہ	یہ	پھر ڈالو اسے

اور وہ سب مہربانوں سے بڑھ کر مہربان ہے۔ میری یہ قمیض لے جاؤ اور اسے میرے باپ کے چہرے

عَلٰی وَجۡہِ اَبِیۡ یَاۡتِ بَصِیۡرًا ۚ وَاۡتُوۡنِیۡ بِاَہۡلِکُمۡ اَجۡمَعِیۡنَ ﴿۹۳﴾ع وَلَمَّا

عَلٰی	وَجۡہِ اَبِیۡ	یَاۡتِ	بَصِیۡرًا	وَاۡتُوۡنِیۡ	بِاَہۡلِکُمۡ	اَجۡمَعِیۡنَ	وَ	لَمَّا
اوپر	میرے باپ کے چہرے پر	ہو جائینگے	دیکھنے والے	اور لے آؤ میرے پاس	اپنے گھر والے	سب کے سب کو	اور	جب

پر ڈال دو وہ دیکھنے لگیں اور اپنے سب گھر والوں کو میرے پاس لے آؤ۔ اور جب

فَصَلَتِ الۡعِیۡرُ قَالَ اَبُوۡہُمۡ اِنِّیۡ لَاَجِدُ رِیۡحَ یُوۡسُفَ لَوۡلَاۤ اَنۡ

فَصَلَتِ	الۡعِیۡرُ	قَالَ	اَبُوۡہُمۡ	اِنِّیۡ	لَاَجِدُ	رِیۡحَ	یُوۡسُفَ	لَوۡلَاۤ	اَنۡ
الگ ہوا	قافلہ	کہا	ان کے باپ نے	بیشک میں	پاتا ہوں	خوشبو	یوسف کی	اگر نہ ہو	یہ کہ کہو

قافلہ چلا تو ان کے باپ نے فرمایا اگر تم مجھے بھولتا ہوا نہ سمجھو تو مجھے یوسف علیہ السلام کی خاص

تُفَنِّدُوۡنِ ﴿۹۴﴾ قَالُوۡا تَاللّٰہِ اِنَّکَ لَفِیۡ ضَلٰلِکَ الۡقَدِیۡمِ ﴿۹۵﴾ فَلَمَّاۤ اَنۡ

تُفَنِّدُوۡنِ	قَالُوۡا	تَاللّٰہِ	اِنَّکَ	لَفِیۡ	ضَلٰلِکَ	الۡقَدِیۡمِ	فَلَمَّاۤ	اَنۡ
سٹھیا گیا ہوں	بولے	خدا کی قسم	یقیناً تم	بیشک	اپنی خود رفتگی	پرانی میں ہو	پھر جب	ایسا ہوا کہ

خوشبو آرہی ہے۔ وہ بولے اللہ کی قسم یقیناً آپ اسی اپنی پرانی محبت میں ڈوبے ہیں۔ پھر جب خوشخبری سنانے

جَآءَ الۡبَشِیۡرُ اَلۡقٰىہُ عَلٰی وَجۡہِہٖ فَارۡتَدَّ بَصِیۡرًا ۚ قَالَ اَلَمۡ اَقُلۡ لَّکُمۡ ۚۙ

جَآءَ	الۡبَشِیۡرُ	اَلۡقٰىہُ	عَلٰی	وَجۡہِہٖ	فَارۡتَدَّ	بَصِیۡرًا	قَالَ	اَلَمۡ	اَقُلۡ	لَّکُمۡ
آیا	خوشخبری دینے والا	ڈالا اس کو	اوپر	ان کے چہرے کے	پھر ہو گیا	دیکھنے والا	فرمایا	کیا نہیں	کہا تھا میں نے	تم سے

والا آیا (تو) اس نے وہ قمیص یعقوب علیہ السلام کے چہرے پر ڈال دیا تو وہ فوراً دیکھنے لگے انہوں نے فرمایا کیا میں نے تم سے نہیں کہا تھا

اِنِّیۡۤ اَعۡلَمُ مِنَ اللّٰہِ مَا لَا تَعۡلَمُوۡنَ ﴿۹۶﴾ قَالُوۡا یٰۤاَبَانَا اسۡتَغۡفِرۡ لَنَا ذُنُوۡبَنَاۤ

اِنِّیۡۤ	اَعۡلَمُ	مِنَ اللّٰہِ	مَا لَا	تَعۡلَمُوۡنَ	قَالُوۡا	یٰۤاَبَانَا	اسۡتَغۡفِرۡ لَنَا	ذُنُوۡبَنَاۤ
کہ یقیناً میں	جانتا ہوں	اللہ سے	جو نہیں	جانتے تم	بولے	اے ہمارے باپ	بخشش مانگ ہمارے لئے	ہمارے گناہ کی

کہ بے شک میں اللہ کی طرف سے وہ باتیں جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔ بولے اے ہمارے باپ ہمارے گناہ کی معافی مانگئے

اِنَّا كُنَّا خٰطِـِٕيْنَ ﴿۹۷﴾ قَالَ سَوْفَ اَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّيْ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ

اِنَّا	كُنَّا	خٰطِـِٕيْنَ	قَالَ	سَوْفَ	اَسْتَغْفِرُ	لَكُمْ	رَبِّيْ	اِنَّهٗ	هُوَ	الْغَفُوْرُ
بیشک	ہم ہی تھے	خطا کار	کہا	جلد	بخشش مانگوں گا	تمہارے لئے	اپنے رب سے	بیشک وہ	وہی ہے	بخشنے والا

بے شک ہم خطا کار ہیں۔ فرمایا بہت جلد میں اپنے رب سے تمہارے لئے مغفرت طلب کروں گا بیشک وہی بخشنے

الرَّحِيْمُ ﴿۹۸﴾ فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى يُوْسُفَ اٰوٰۤى اِلَيْهِ اَبَوَيْهِ وَقَالَ

الرَّحِيْمُ	فَلَمَّا	دَخَلُوْا	عَلٰى	يُوْسُفَ	اٰوٰۤى	اِلَيْهِ	اَبَوَيْهِ	وَ	قَالَ
مہربان	پھر جب	داخل ہوئے	اوپر	یوسف کے	جگہ دی	اپنے پاس	اپنے ماں باپ کو	اور	کہا

والا مہربان ہے۔ پھر جب وہ یوسف علیہ السلام کے پاس پہنچے تو اس نے اپنے ماں باپ کو اپنے پاس جگہ دی

ادْخُلُوْا مِصْرَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ﴿۹۹﴾ وَرَفَعَ اَبَوَيْهِ عَلَى الْعَرْشِ

ادْخُلُوْا	مِصْرَ	اِنْ	شَآءَ	اللّٰهُ	اٰمِنِيْنَ	وَرَفَعَ	اَبَوَيْهِ	عَلَى	الْعَرْشِ
داخل ہو	مصر میں	اگر	چاہے	اللہ	امن سے	اور بٹھایا	اپنے ماں باپ کو	اوپر	تخت کے

اور کہا اگر اللہ چاہے تو مصر میں امن و امان سے داخل ہو۔ اور اس نے اپنے ماں باپ کو تخت کے اوپر بٹھایا

وَخَرُّوْا لَهٗ سُجَّدًا ۚ وَقَالَ يٰۤاَبَتِ هٰذَا تَاْوِيْلُ رُءْيَايَ مِنْ قَبْلُ ۫

وَ	خَرُّوْا	لَهٗ	سُجَّدًا	وَ	قَالَ	يٰۤاَبَتِ	هٰذَا	تَاْوِيْلُ	رُءْيَايَ	مِنْ قَبْلُ
اور	گر پڑے	اسکے لیے	سجدہ کرتے	اور	کہا	اے میرے باپ	یہ ہے	تعبیر	میرے خواب کی	پہلے سے

اور وہ اس کے سامنے سجدے میں گر پڑے اور اس نے کہا اے میرے باپ! یہ ہے میرے پہلے والے خواب کی تعبیر

قَدْ جَعَلَهَا رَبِّيْ حَقًّا ؕ وَقَدْ اَحْسَنَ بِيْۤ اِذْ اَخْرَجَنِيْ مِنَ السِّجْنِ

قَدْ	جَعَلَهَا	رَبِّيْ	حَقًّا	وَ	قَدْ	اَحْسَنَ	بِيْۤ	اِذْ	اَخْرَجَنِيْ	مِنَ السِّجْنِ
بیشک	کردیا اس کو	میرے رب نے	سچا	اور	بیشک	احسان کیا	مجھ پر	جبکہ	نکالا مجھے	قید خانے سے

میرے رب نے اسے سچ کر دیا ہے اور بے شک اس نے مجھ سے عمدہ سلوک کیا جب اس نے مجھے قید

وَجَآءَ بِكُمْ مِّنَ الْبَدْوِ مِنْۢ بَعْدِ اَنْ نَّزَغَ الشَّيْطٰنُ بَيْنِيْ

بَيْنِيْ	الشَّيْطٰنُ	نَّزَغَ	اَنْ	مِنْۢ بَعْدِ	مِّنَ الْبَدْوِ	وَجَآءَ بِكُمْ
میرے درمیان	شیطان نے	دشمنی ڈالی	اس کے کہ	بعد	گاؤں سے	اور لایا تم کو

خانے سے نکالا اور اس کے باوجود کہ شیطان نے میرے اور میرے بھائیوں کے درمیان ناچاقی ڈال دی تھی

وَبَيْنَ اِخْوَتِيْ ؕ اِنَّ رَبِّيْ لَطِيْفٌ لِّمَا يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ

الْعَلِيْمُ	هُوَ	اِنَّهٗ	يَشَآءُ	لِمَا	لَطِيْفٌ	رَبِّيْ	اِنَّ	وَبَيْنَ اِخْوَتِيْ
جاننے والا	وہی	بیشک وہ	چاہے	جس کے لیے	مہربان ہے	میرا رب	بیشک	اور میرے بھائیوں کے درمیان

تمہیں گاؤں سے لے آیا میرا رب جس پر چاہتا ہے اس پر مہربان ہوتا ہے وہی علم والا

الْحَكِيْمُ ﴿۱۰۰﴾ رَبِّ قَدْ اٰتَيْتَنِيْ مِنَ الْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِيْ مِنْ تَاْوِيْلِ

مِنْ تَاْوِيْلِ	عَلَّمْتَنِيْ	وَ	مِنَ الْمُلْكِ	اٰتَيْتَنِيْ	قَدْ	رَبِّ	الْحَكِيْمُ
انجام نکالنا	سکھایا تو نے مجھے	اور	سلطنت	دی تو نے مجھے	بیشک	اے میرے رب	حکمت والا ہے

حکمت والا ہے۔ اے میرے رب بے شک تو نے مجھے یہ سلطنت دی اور تو نے مجھے باتوں کی تاویل

الْاَحَادِيْثِ ۚ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۟ اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا

فِي الدُّنْيَا	وَلِيّٖ	اَنْتَ	الْاَرْضِ	وَ	السَّمٰوٰتِ	فَاطِرَ	الْاَحَادِيْثِ
دنیا میں	میرا دوست	تو ہے	زمین کے	اور	آسمانوں	اے پیدا کرنے والے	باتوں کا

سکھائی اے آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے تو ہی میرا کارساز ہے دنیا اور آخرت میں مجھے (دنیا سے)

وَالْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۰۱﴾ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ

مِنْ اَنْۢبَآءِ	ذٰلِكَ	بِالصّٰلِحِيْنَ	اَلْحِقْنِيْ	وَ	مُسْلِمًا	تَوَفَّنِيْ	وَالْاٰخِرَةِ
خبریں	یہ ہیں	نیکوں سے	ملا دے مجھے	اور	مسلمان	وفات دے مجھے	اور آخرت میں

مسلمان اٹھا اور مجھے (اپنے خاص مقرب) نیک بندوں کے ساتھ ملا۔ یہ غیب کی کچھ خبریں ہیں

الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ ۚ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ اَجْمَعُوْٓا

اَجْمَعُوْٓا	اِذْ	لَدَيْهِمْ	وَمَا كُنْتَ	اِلَيْكَ	نُوْحِيْهِ	الْغَيْبِ
جمع کیا انہوں نے	جبکہ	ان کے پاس	اور آپ نہیں تھے	آپ کی طرف	وحی کرتے ہیں ان کو	غیب کی

جو ہم آپ کی طرف وحی کرتے ہیں اور آپ ان کے پاس نہ تھے جب انہوں نے اپنے

اَمْرَهُمْ وَهُمْ يَمْكُرُوْنَ ﴿١٠٢﴾ وَمَآ اَكْثَرُ النَّاسِ وَلَوْ حَرَصْتَ

حَرَصْتَ	وَلَوْ	النَّاسِ	اَكْثَرُ	مَآ	وَ	يَمْكُرُوْنَ	هُمْ	وَ	اَمْرَهُمْ
تم حرص رکھو	اگرچہ	لوگ	اکثر لوگ	نہیں	اور	تدبیر کرتے تھے	وہ	اور	اپنا کام

کام کو پختہ کیا اور وہ فریب کرتے تھے۔ اور اکثر آدمی ایمان نہ لائیں گے آپ

بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٠٣﴾ وَمَا تَسْـَٔلُهُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ

ذِكْرٌ	اِلَّا	هُوَ	اِنْ	اَجْرٍ	مِنْ	عَلَيْهِ	تَسْـَٔلُهُمْ	مَا	وَ	بِمُؤْمِنِيْنَ
نصیحت	مگر	وہ	نہیں	اجر	کوئی	اس پر	مانگتے آپ ان سے	نہیں	اور	ایمان لانے والے

کتنا ہی چاہیں۔ حالانکہ آپ اس کام پر ان سے معاوضہ بھی نہیں مانگتے یہ تو ایک نصیحت ہے دنیا

لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿١٠٤﴾ ع وَكَاَيِّنْ مِّنْ اٰيَةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَمُرُّوْنَ عَلَيْهَا

عَلَيْهَا	يَمُرُّوْنَ	وَالْاَرْضِ	فِي السَّمٰوٰتِ	مِّنْ اٰيَةٍ	وَكَاَيِّنْ	لِّلْعٰلَمِيْنَ
اس پر	گزرتے ہیں	اور زمین میں	آسمانوں میں	نشانیاں ہیں	اور کتنی ہی	جہان والوں کے لئے

والوں کے لیے۔ اور آسمانوں اور زمین میں کتنی ہی نشانیاں ہیں جن پر سے یہ لوگ بے دھیان دیئے

وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُوْنَ ﴿١٠٥﴾ وَمَا يُؤْمِنُ اَكْثَرُهُمْ بِاللّٰهِ اِلَّا وَهُمْ

وَهُمْ	اِلَّا	بِاللّٰهِ	اَكْثَرُهُمْ	يُؤْمِنُ	وَمَا	مُعْرِضُوْنَ	عَنْهَا	وَهُمْ
وہ ہیں	مگر	اللہ پر	اکثر ان کے	ایمان لاتے	اور نہیں	منہ پھیرتے ہیں	اس سے	اور وہ

بغیر توجہ کے گزر جاتے ہیں۔ اور ان میں سے اکثر اللہ پر ایمان نہیں رکھتے مگر اللہ کے

مُّشْرِكُوْنَ ﴿۱۰۶﴾ اَفَاَمِنُوْٓا اَنْ تَاْتِيَهُمْ غَاشِيَةٌ مِّنْ عَذَابِ اللّٰهِ

اللّٰهِ	مِنْ عَذَابِ	غَاشِيَةٌ	تَاْتِيَهُمْ	اَنْ	اَفَاَمِنُوْٓا	مُّشْرِكُوْنَ
الٰہی سے	عذاب	ڈھانپنے والا	آئے ان کے پاس	یہ کہ	کیا وہ مطمئن ہیں	شرک کرنے والے

ساتھ شرک کرتے ہیں۔ کیا وہ اس بات سے بے خوف ہو گئے کہ ان پر چھا جانے والی آفت عذاب

اَوْ تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۰۷﴾ قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْٓ

سَبِيْلِيْٓ	هٰذِهٖ	قُلْ	يَشْعُرُوْنَ	لَا	هُمْ	وَّ	بَغْتَةً	السَّاعَةُ	اَوْ تَاْتِيَهُمُ
میری راہ	یہ ہے	فرمادو	جانتے ہوں	نہ	وہ	اور	اچانک	قیامت	یا آئے ان کے پاس

الٰہی سے آ جائے یا ان پر اچانک قیامت ٹوٹ پڑے اور انہیں کچھ خبر نہ ہو۔ (اے حبیب ﷺ) آپ فرما دیں

اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۚ عَلٰى بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ ۭ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ

اللّٰهِ	وَسُبْحٰنَ	اتَّبَعَنِيْ	مَنِ	وَ	اَنَا	عَلٰى بَصِيْرَةٍ	اللّٰهِ	اِلَى	اَدْعُوْٓا
اللہ	اور پاک ہے	پیروی کی میری	وہ جس نے	اور	میں	بصیرت پر	اللہ کی	طرف	میں بلاتا ہوں

یہی میری راہ ہے اللہ کی طرف بلاتا ہوں بصیرت پر (ہوتے ہوئے) میں اور وہ لوگ جنہوں نے میری اتباع کی

وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۰۸﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا

رِجَالًا	اِلَّا	مِنْ قَبْلِكَ	اَرْسَلْنَا	مَآ	وَ	مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ	اَنَا	مَآ	وَ
مردوں کو	مگر	آپ سے پہلے	بھیجے ہم نے	نہیں	اور	مشرکوں سے	میں	نہیں	اور

اور اللہ پاک ہے اور میں مشرکین میں سے نہیں۔ اور ہم نے آپ سے پہلے جتنے رسول بھیجے سب مرد ہی تھے

نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ مِّنْ اَهْلِ الْقُرٰى ۭ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ

فِي الْاَرْضِ	يَسِيْرُوْا	اَفَلَمْ	مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى	اِلَيْهِمْ	نُّوْحِيْٓ
زمین میں	پھرے وہ	کیا نہیں	بستیوں والوں سے	ان کی طرف	وحی کرتے ہیں ہم

جنہیں ہم نے وحی کی تو کیا یہ لوگ زمین میں چلے پھرے نہیں تو دیکھ

فَيَنْظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۗ وَلَدَارُ الْآخِرَةِ

فَيَنْظُرُوا	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	الَّذِينَ	مِنْ	قَبْلِهِمْ	وَلَدَارُ	الْآخِرَةِ
کہ دیکھیں وہ	کیسا	ہوا	انجام	ان کا	جو	ان سے پہلے تھے	اور یقیناً گھر	آخرت کا

لیتے ان سے پہلوں کا کیا انجام ہوا۔ اور بے شک آخرت کا گھر

خَيْرٌ لِلَّذِينَ اتَّقَوْا ۗ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ﴿۱۰۹﴾ حَتَّىٰ إِذَا اسْتَيْأَسَ

خَيْرٌ	لِلَّذِينَ	اتَّقَوْا	أَفَلَا	تَعْقِلُونَ	حَتَّىٰ	إِذَا	اسْتَيْأَسَ
بہتر ہے	ان کے لیے جو	پرہیزگار ہیں	کیا نہیں	تم سمجھتے	یہاں تک کہ	جب	ناامید ہوگئے

پرہیز گاروں کیلئے ہے تو کیا تمہیں عقل نہیں۔ یہاں تک کہ جب رسولوں کو ظاہری

الرُّسُلُ وَظَنُّوا أَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوا جَاءَهُمْ نَصْرُنَا ۙ فَنُجِّيَ

الرُّسُلُ	وَ	ظَنُّوا	أَنَّهُمْ	قَدْ	كُذِبُوا	جَاءَهُمْ	نَصْرُنَا	فَنُجِّيَ
رسول	اور	خیال کر چکے	کہ وہ	یقیناً	جھٹلائے گئے	آئی ان کے پاس	ہماری مدد	پھر نجات دیا گیا

اسباب کی اُمید نہ رہی اور لوگ سمجھے کہ رسولوں نے ان سے غلط کہا تھا اس وقت

مَنْ نَشَاءُ ۖ وَلَا يُرَدُّ بَأْسُنَا عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِينَ ﴿۱۱۰﴾ لَقَدْ

مَنْ	نَشَاءُ	وَ	لَا يُرَدُّ	بَأْسُنَا	عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِينَ	لَقَدْ
وہ جسے	ہم نے چاہا	اور	نہیں پھیرا جاتا	ہمارا عذاب	مجرم لوگوں سے	بیشک

ہماری مدد آئی تو جسے چاہا بچا لیا گیا اور ہمارا عذاب مجرم لوگوں سے پھیرا نہیں جاتا۔ بے شک

كَانَ فِي قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِأُولِي الْأَلْبَابِ ۗ مَا كَانَ

كَانَ	فِي قَصَصِهِمْ	عِبْرَةٌ	لِأُولِي الْأَلْبَابِ	مَا	كَانَ
ہے	ان کے واقعات میں	عبرت	عقلمندوں کے لیے	نہیں	ہے

ان کے قصوں میں عقلمندوں کیلئے ایک سبق ہے یہ کوئی گھڑی ہوئی بات نہیں

حَدِیْثًا یُّفْتَرٰی وَ لٰکِنْ تَصْدِیْقَ الَّذِیْ بَیْنَ یَدَیْهِ

حَدِیْثًا	یُّفْتَرٰی	وَ	لٰکِنْ	تَصْدِیْقَ	الَّذِیْ	بَیْنَ یَدَیْهِ
بات	بنائی ہوئی	اور	لیکن	تصدیق ہے	اس کی	جو اس سے پہلے ہے

بات بنائی ہوئی نہیں ہے۔ بلکہ اس کی جو اس کے سامنے ہے تصدیق ہے اور ہر بات

وَتَفْصِیْلَ كُلِّ شَیْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ ﴿۱۱۱﴾ ع

وَ	تَفْصِیْلَ	كُلِّ	شَیْءٍ	وَّهُدًى	وَّرَحْمَةً	لِّقَوْمٍ	یُّؤْمِنُوْنَ
اور	تفصیل ہے	ہر ایک	چیز کی	اور ہدایت	اور رحمت	واسطے قوم	ایمان والی کے

کی تفصیل ہے اور ایمان والے لوگوں کیلئے ہدایت اور رحمت ہے۔

ایاتہا ۴۳ | ۱۳ سُوْرَةُ الرَّعْدِ مَدَنِیَّةٌ ۹۶ | رکوعاتہا ۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

الٓمّٓرٰ قف تِلْكَ اٰیٰتُ الْكِتٰبِ ؕ وَالَّذِیْٓ اُنْزِلَ اِلَیْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ

الٓمّٓرٰ	تِلْكَ	اٰیٰتُ	الْكِتٰبِ	وَ	الَّذِیْٓ	اُنْزِلَ	اِلَیْكَ	مِنْ رَّبِّكَ	الْحَقُّ
الٓمّٓرٰ	یہ	آیتیں ہیں	کتاب کی	اور	وہ جو	اتارا گیا	آپکی طرف	آپکے رب سے	حق ہے

ا۔ل۔م۔ر۔ یہ کتاب الٰہی کی آیات ہیں۔ اور جو کچھ آپ کے رب کی طرف سے آپ پر نازل کیا گیا ہے

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یُؤْمِنُوْنَ ﴿۱﴾ اَللّٰهُ الَّذِیْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ بِغَیْرِ

وَ	لٰكِنَّ	اَكْثَرَ	النَّاسِ	لَا	یُؤْمِنُوْنَ	اَللّٰهُ	الَّذِیْ	رَفَعَ	السَّمٰوٰتِ	بِغَیْرِ
اور	لیکن	اکثر	لوگ	نہیں	ایمان لاتے	اللہ	وہ ہے جس نے	بلند کیا	آسمانوں کو	بغیر

وہ حق ہے لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے۔ اللہ تعالیٰ وہ ذات ہے جس نے آسمانوں کو بغیر

عَمَدٍ تَرَوْنَهَا ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ

عَمَدٍ	تَرَوْنَهَا	ثُمَّ	اسْتَوٰى	عَلَى	الْعَرْشِ	وَ	سَخَّرَ	الشَّمْسَ	وَ	الْقَمَرَ
ستون کے	کہ دیکھو تم اس کو	پھر	استواء فرمایا	اوپر	عرش کے	اور	مسخر کیا	سورج	اور	چاند کو

ستون کے بلند کیا تم ان کو دیکھتے ہو پھر اُس نے اپنے عرش پر جلوہ فرمایا اور اس نے سورج اور چاند کو قانون کا پابند بنایا۔

كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ يُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ

كُلٌّ	يَّجْرِيْ	لِاَجَلٍ	مُّسَمًّى	يُدَبِّرُ	الْاَمْرَ	يُفَصِّلُ	الْاٰيٰتِ	لَعَلَّكُمْ
ہرایک	چلتا ہے	واسطے مدت	مقرر کے	تدبیر کرتا ہے	کام کی	کھول کر بیان کرتا ہے	آیتیں	تاکہ تم

ہرایک مقررہ مدت کے لیے چل رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہی سارے کام کی تدبیر کرتا ہے۔ وہ نشانیوں کو کھول کر بیان کرتا ہے

بِلِقَآءِ رَبِّكُمْ تُوْقِنُوْنَ ﴿۲﴾ وَهُوَ الَّذِيْ مَدَّ الْاَرْضَ وَجَعَلَ فِيْهَا

بِلِقَآءِ	رَبِّكُمْ	تُوْقِنُوْنَ	وَهُوَ	الَّذِيْ	مَدَّ	الْاَرْضَ	وَ	جَعَلَ	فِيْهَا
ساتھ ملاقات	اپنے رب کے	یقین کرو	اور وہ	وہ ہے کہ	پھیلایا	زمین کو	اور	بنائے	اس میں

تاکہ تم اپنے رب کی ملاقات کا یقین کرنے لگ جاؤ۔ اور اسی نے زمین کو پھیلایا اور اس میں پہاڑ

رَوَاسِيَ وَاَنْهٰرًا ؕ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ جَعَلَ فِيْهَا زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ

رَوَاسِيَ	وَ	اَنْهٰرًا	وَ	مِنْ كُلِّ	الثَّمَرٰتِ	جَعَلَ	فِيْهَا	زَوْجَيْنِ	اثْنَيْنِ
پہاڑ	اور	نہریں	اور	ہرطرح کے	پھل	بنائے	اس میں	جوڑے	دو دو

اور دریا بنائے اور ہر پھل میں اس نے دو قسمیں رکھیں اور رات سے دن کو ڈھانپتا ہے بے شک

يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۳﴾ وَ

يُغْشِي	الَّيْلَ	النَّهَارَ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّقَوْمٍ	يَّتَفَكَّرُوْنَ	وَ
چھپالیتا ہے	رات سے	دن کو	بیشک	اس میں	البتہ نشانیاں ہیں	واسطے قوم	سمجھدار کے	اور

ان چیزوں میں ان لوگوں کیلئے جو غوروفکر کرتے ہیں کئی نشانیاں ہیں۔ اور

فِي الْأَرْضِ قِطَعٌ مُّتَجٰوِرٰتٌ وَّجَنّٰتٌ مِّنْ أَعْنَابٍ وَّزَرْعٌ وَّنَخِيْلٌ

فِي الْأَرْضِ	قِطَعٌ	مُّتَجٰوِرٰتٌ	وَ	جَنّٰتٌ	مِّنْ أَعْنَابٍ	وَ	زَرْعٌ	وَ	نَخِيْلٌ
زمین میں	قطعے ہیں	ملے ہوئے	اور	باغ ہیں	انگوروں کے	اور	کھیتی	اور	کھجور کے پیڑ

زمین میں پاس پاس قطعے ہیں اور انگوروں کے باغ اور کھیت اور کھجوروں کے درخت ہیں

صِنْوَانٌ وَّغَيْرُ صِنْوَانٍ يُّسْقٰى بِمَآءٍ وَّاحِدٍ ۚ قف وَنُفَضِّلُ بَعْضَهَا

صِنْوَانٌ	وَ	غَيْرُ	صِنْوَانٍ	يُّسْقٰى	بِمَآءٍ	وَّاحِدٍ	وَ	نُفَضِّلُ	بَعْضَهَا
زیادہ ٹہنی والے	اور	نہ	زیادہ ٹہنیوں والے	پلائے جاتے ہیں	پانی	ایک سے	اور	برتری دیتے ہیں ہم	انکے بعض کو

شاخ دار اور بعض ایسے ہیں جو بے شاخ ہیں جنہیں ایک ہی پانی سے سیراب کیا جاتا ہے مگر پھلوں میں ہم ایک کو

عَلٰى بَعْضٍ فِي الْأُكُلِ ۗ إِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۴﴾ وَإِنْ

عَلٰى	بَعْضٍ	فِي الْأُكُلِ	إِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّقَوْمٍ	يَّعْقِلُوْنَ	وَ	إِنْ
اوپر	بعض کے	مزے میں	بیشک	اس میں	البتہ نشانیاں ہیں	واسطے قوم	عقلمند کے	اور	اگر

دوسرے پر فضیلت دیتے ہیں بے شک اس میں ان لوگوں کیلئے جو عقل رکھتے ہیں کئی نشانیاں ہیں۔ اور اگر

تَعْجَبْ فَعَجَبٌ قَوْلُهُمْ ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا ءَاِنَّا لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۬ۚ

تَعْجَبْ	فَعَجَبٌ	قَوْلُهُمْ	ءَاِذَا	كُنَّا	تُرٰبًا	ءَاِنَّا	لَفِيْ	خَلْقٍ	جَدِيْدٍ
تعجب کرے تو	تو عجیب ہے	ان کی بات	کیا جب	ہو جائیں گے ہم	مٹی	کیا ہم	میں	پیدائش	نئی میں

آپ تعجب کریں تو تعجب کے قابل ان لوگوں کی یہ بات ہے کہ کیا ہم مٹی ہونے کے بعد نئے سرے سے پیدا ہوں گے؟

أُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ ۚ وَأُولٰٓئِكَ الْأَغْلٰلُ فِيْٓ أَعْنَاقِهِمْ ۚ

أُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	بِرَبِّهِمْ	وَ	أُولٰٓئِكَ	الْأَغْلٰلُ	فِيْٓ أَعْنَاقِهِمْ
یہ وہ لوگ ہیں	جنہوں نے	کفر کیا	اپنے رب سے	اور	یہی ہیں کہ	طوق ہوں گے	ان کی گردنوں میں

یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے رب کے ساتھ کفر کیا اور وہ ایسے لوگ ہیں جن کی گردنوں میں طوق

وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ⑤ وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ

وَ	اُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ النَّارِ	هُمْ	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ	وَ	يَسْتَعْجِلُوْنَكَ
اور	یہی لوگ ہیں	دوزخ والے	وہ	اس میں	ہمیشہ رہیں گے	اور	جلدی چاہتے ہیں تم سے

اور وہ دوزخی ہیں اس میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ اور وہ رحمت سے پہلے آپ سے

بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ وَقَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمُ الْمَثُلٰتُ ۗ وَاِنَّ

بِالسَّيِّئَةِ	قَبْلَ	الْحَسَنَةِ	وَقَدْ	خَلَتْ	مِنْ قَبْلِهِمُ	الْمَثُلٰتُ	وَ	اِنَّ
عذاب	پہلے	نیکی سے	اور بیشک	گذر چکی	ان سے پہلے	سزائیں	اور	بیشک

عذاب طلب کرنے میں جلدی کرتے ہیں اور بے شک ان سے پہلے لوگوں کی سزاؤں کے واقعات گزر چکے اور یقیناً

رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ لِّلنَّاسِ عَلٰى ظُلْمِهِمْ ۚ وَاِنَّ رَبَّكَ لَشَدِيْدُ

رَبَّكَ	لَذُوْ	مَغْفِرَةٍ	لِّلنَّاسِ	عَلٰى ظُلْمِهِمْ	وَ	اِنَّ	رَبَّكَ	لَشَدِيْدُ
آپکا رب	صاحب	بخشش ہے	لوگوں کیلئے	انکے ظلم کے باوجود	اور	بیشک	آپکا رب	سخت

آپ کا رب ضرور بخشنے والا ہے لوگوں کیلئے باوجود ان کے ظلم کے اور بے شک آپ کا رب سخت

الْعِقَابِ ⑥ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۗ

الْعِقَابِ	وَ	يَقُوْلُ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	لَوْلَآ	اُنْزِلَ	عَلَيْهِ	اٰيَةٌ	مِّنْ رَّبِّهٖ
عذاب والا ہے	اور	کہتے ہیں	کافر	کیوں نہیں	اتاری گئی	اس پر	کوئی نشانی	اسکے رب سے

عذاب دینے والا ہے۔ اور کافر کہتے ہیں ان پر ان کی طرف سے کوئی نشانی کیوں نہیں اتری آپ تو ڈر سنانے والے ہو

اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرٌ وَّلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ ⑦ ع اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى

ع

اِنَّمَآ	اَنْتَ	مُنْذِرٌ	وَ	لِكُلِّ	قَوْمٍ	هَادٍ	اَللّٰهُ	يَعْلَمُ	مَا	تَحْمِلُ	كُلُّ	اُنْثٰى
سوائے اسکے نہیں کہ	آپ	ڈرانے والے ہیں	اور	واسطے ہر	قوم کے	ہادی ہے	اللہ	جانتا ہے	جو	اٹھاتی ہے	ہر	مادہ

اور یقیناً ہر قوم کے لیے ایک ہادی ہوتا ہے۔ اللہ جانتا ہے جو کچھ کسی مادہ کے پیٹ میں ہے

وَمَا تَغِيضُ الْأَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ۖ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهُ

وَ	مَا	تَغِيضُ	الْأَرْحَامُ	وَ	مَا	تَزْدَادُ	وَ	كُلُّ	شَيْءٍ	عِنْدَهُ
اور	جو	کم کرتے ہیں	پیٹ	اور	جو	زیادہ کرتے ہیں	اور	ہر	چیز	اسکے پاس

اور پیٹ کے گھٹنے اور بڑھنے کو بھی جانتا ہے اور ہر چیز اس کے پاس ایک

بِمِقْدَارٍ ﴿٨﴾ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيرُ الْمُتَعَالِ ﴿٩﴾ سَوَآءٌ مِّنْكُمْ

بِمِقْدَارٍ	عٰلِمُ	الْغَيْبِ	وَالشَّهَادَةِ	الْكَبِيرُ	الْمُتَعَالِ	سَوَآءٌ	مِّنْكُمْ
اندازے سے ہے	جاننے والا ہے	چھپا	اور ظاہر کا	بڑا ہے	بلند	برابر ہے	تم میں سے

اندازے سے ہے۔ وہ پوشیدہ اور ظاہر کا جاننے والا ہے اور بلند مرتبہ بزرگی والا ہے۔ سب اس کے نزدیک

